# پسندیدہ پشتو اشعار

پشتو شاعری کا ذخیرہ بہت وسیع ہے تاہم بندہ کو درج ذیل پشتو اشعار بہت ہی پسند ہیں :

هسے نه چه واحدی ده له عجزه
په واحد وجود بسیار دے رب ځما

هیڅ تغیرو تبدیل نه لری رحمانه
تل ترتله برقرار دے رب ځما

خدائے مه کړه بے شکه چه بنده دے
نورے کل واړه صفات دی په ربنتیا

په صورت که آخرین دے پیدا شوے
په معنیٰ کښ اوّلین دے له هر چا

مرګ خو دَشهید وی په شرنګار دَسپینو تورو کښ
ورکے شه سلګیء دَ زنکدن په بسترو کښ لا

دا عمر خو زمونږ دَ محبت دپاره کم دے
حیران یم چه نفرت ته خلق څنګه وزګاریږی

روښنانی په هغو زړونو دَه حرامه
چه پرِ کینی ګرد غبار ددے دُنیا

څوك چه بے دا ستاله مخه بل ته ګوری
آئینه ئے نا صفا ده صفا نه ده

زهٔ په خپلو ګناهونو توبه ګار یم
چه مے کړے دی له واړو شرمسار یم

Marfat.com

عام عالم مے پـه کردار خبردار نه دے
زه پخپله خبردار په خپل کردار یم

که هرڅو دلبران ډیر دی په جهان کښې
کښې
بل به نه وی څما یار غوندِ دلبر څوك

له هجرانه بله سخته بلا نشته
خدائے دِ نه کاندِ زخمی په دا نشتر څوك

چه دُنیا دَآب وګلِ ته انسان راغے
مینه راغله ، فتنه راغله ، طوفان راغے

ما بېګاه په خوب خورے زلفے لیدلے
خدائے دِ خیر کړی چه قاصد پریشان راغے

ډیر خلق پیدا دی انبیاء که اولیا ء دی
نشته په خلقت کښې بل په شان دَ محمد ﷺ

سر دوباره دا هنګامه دَ وفا مه جوړوه
څما دَ زړه برباده شوے دنیا مه جوړوه

دَ زړهٔ تیار ۀ مِ ستا دَ مخ رنړا ته پاتے نه شوه
دَ هجر شپه مِ دَ وصال صبا ته پاتے نه شوه

توان توفیق خودَ فتنوراڅخه نه وو
په فتنو دَ تورو سترګو مفتون چا کړم

هر سړے به دِ لسوزی راباندے وکه
که خبر شی په افسوس چغار څما

نامردفخر په نسب کا
مرد نه مور لوی نه پلار

Marfat.com

# پسندیدہ اردو اشعار

اُردو شاعری کی دُنیا بہت ہی وسیع ہے تاہم بندہ کو مندرجہ ذیل اُردو اشعار بہت ہی محبوب ہیں،

دیکھ اے اشکِ رواں یہ تو میرا چہرہ ہے
سنگ کٹ جاتے ہیں پانی کی جہاں دہار گرے

یوں تو پتھر کی بھی تقدیر بدل سکتی ہے
شرط یہ ہے کہ اسے دل سے تراشا جائے

اِک دن وہ مل گئے تھے سرِرہ گذر کہیں
پھر دل نے بیٹھے نہ دیا عُمر بھر کہیں

نکلنا خُلد سے آدم کا سنتے آئے تھے لیکن
بہت بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے ہم نکلے

اپنی مٹی پہ ہی چلنے کا طریقہ سیکھو
سنگِ مرمر پر چلو گے تو پھسل جاؤگے

مجھے پھونکنے سے پہلے میرا دِل نکال لینا
یہ کسی کی ہے امانت میرے ساتھ جل نہ جائے

اے خدا مجھ سے نہ لے میرے گناہوں کا حساب
میرے پاس اشکِ ندامت کے سوا کچھ بھی نہیں

Marfat.com

تم چھوڑ کر گئے تھے مجھے جس مقام پر
اب تک وہیں کھڑا ہوں مجھے یاد کیجئے

ہے شدّت خلوص بھی اِک جُرم عاشقی
پروا نہ جل کے شمع کو بدنام کر گیا

میں تجھے کھو کے بھی زندہ ہوں یہ دیکھا تو نے
کِس قدر حوصلہ ہارے ہوئے انسان میں ہے

موت ہو یا حیات ختم ہوئی
چھوڑ یئے خیر بات ختم ہوئی

تو نے رسماً بھلادیا ورنہ
اِس تکلف کی کیا ضرورت تھی

جو زندگی تھی میری جان! تیرے ساتھ گئی
بس اب تو عُمر کے نقشے میں وقت بھرنا ہے

جا اور کوئی ضبط کی دنیا تلاش کر
اے عشق ہم تو اب تیرے قابل نہیں رہے

موت اُس کی ہے کرے جس کا زمانہ افسوس
ورنہ دنیا میں سبھی آئے ہیں مرنے کے لیے

میں نے فانی ڈوبتے دیکھی ہے نبض کائنات
جب مزاجِ یار کچھ برہم نظر آیا مجھے

Marfat.com

تم میرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

اُس نے قصدًا بھی میرے نالے کو
نہ سُنا ہو گا گر سُنا ہو گا

اِس کو نا قدریٔ عالم کا صلہ کہتے ہیں
مر گئے ہم تو زمانے نے بہت یاد کیا

میری روح کی حقیقت میرے آنسوؤں سے پوچھو
میرا مجلسی تبسم میرا ترجماں نہیں ہے

☆ ☆ ☆

## پسندیدہ فارسی شعراء

(۱) مولانا جلال الدین رومی
(۲) علامہ اقبال
(۳) شیخ سعدی
(۴) حافظ شیرازی

Marfat.com

# پسندیدہ فارسی اشعار

صاحب دلی بمدرسہ آمد ز خانقاہ
بکشت اہل صحبت اھلِ طریق را
گفتم میانِ عالم عابد چہ فرق را
تا کردہ اختیار ازاں این فریق را

گفت او گلیم خویش بدر میرود زموج
وین جہد میکند کہ بگیر د غریق را

ھر شبے گویم کہ فردا ترک این سودا کنم
باز چون فردا شود امروز رافردا کنم

ما غرق گناہ ایم وتو دریائے رحمتی
آنجا کہ فضل تست چہ باشد گناہ ما

Marfat.com

# ساغر صدیقی کے چند معروف غزلیات

بُھولی ہوئی صدا ہُوں مجھے یاد کیجئے
تم سے کہیں ملا ہُوں مجھے یاد کیجئے

منزل نہیں ہُوں ،خِضر نہیں ،راہزن نہیں
منزل کا راستہ ہُوں مجھے یاد کیجئے

میری نگاہِ شوق سے ہر گُل ہے دیوتا
میں عِشق کا خُدا ہوں مجھے یاد کیجئے

نغموں کی ابتدا تھی کبھی میرے نام سے
اشکوں کی انتہا ہُوں مجھے یاد کیجئے

گُم صُم کھڑی ہیں دونوں جہاں کی حقیقتیں
میں اُن سے کہہ رہا ہوں مجھے یاد کیجئے

ساغؔر کسی کے حُسنِ تغافل شعار کی
بہکی ہوئی ادا ہوں مجھے یاد کیجئے

(کلیاتِ ساغر سے ماخوذ)

Marfat.com

میں تلخیٔ حیات سے گھبرا کے پی گیا
غم کی سیاہ رات سے گھبرا کے پی گیا

اتنی دقیق شے کوئی کیسے سمجھ سکے
یزداں کے واقعات سے گھبرا کے پی گیا

چھلکے ہوئے تھے جام، پریشاں تھی زُلفِ یار
کچھ ایسے حادثات سے گھبرا کے پی گیا

میں آدمی ہوں، کوئی فرشتہ نہیں حضور
میں آج اپنی ذات سے گھبرا کے پی گیا

دنیائے حادثات ہے اک درد ناک گیت
دنیائے حادثات سے گھبرا کے پی گیا

کانٹے تو خیر کانٹے ہیں اِن سے گلہ ہی کیا
پُھولوں کی واردات سے گھبرا کے پی گیا

ساغرؔ وہ کہہ رہے تھے کہ پی لیجیے حضور
ان کی گزارشات سے گھبرا کے پی گیا

(کلیاتِ ساغر سے ماخوذ)

Marfat.com

نہ کشتیوں نہ کناروں کا احترام کرو
فقط بھنور کے اشاروں کا احترام کرو

یہیں سے گزرے گا اِک روز کا روانِ بہار
فُسردہ راہ گذاروں کا احترام کرو

جو ہو سکے تو بدل دو نوشتۂ تقدیر
نہ ہو سکے تو ستاروں کا احترام کرو

خزاں کی گود میں بھی پھول مُسکرا اُٹھیں
کچھ اس طرح سے بہاروں کا احترام کرو

نشاط و کیف کی دُنیا میں جھومنے والو
کبھی تو اُجڑے دیاروں کا احترام کرو

یہی ہے ذوقِ عبادت کی انتہا ساغر
غمِ حیات کے ماروں کا احترام کرو

(کلیاتِ ساغر سے ماخوذ)

Marfat.com

چشمِ ساقی کی عنایات پہ پابندی ہے
اِن دنوں وقت پہ حالات پہ پابندی ہے

بکھری بکھری ہوئی زُلفوں کے فسانے چھیڑو
میکشو ! عہدِ خرابات پہ پابندی ہے

دِل شکن ہو کے چلے آئے تری محفل سے
تیری محفل میں تو ہر بات پہ پابندی ہے

دود اُٹھا ہے لہو بن کے اُچھلنے کے لیے
آج کہتے ہیں کہ جذبات پہ پابندی ہے

ہر تمنّا ہے کوئی ڈوبتا لمحہ جیسے
ساز مغموم ہیں ،نغمات پہ پابندی ہے

کہکشاں بامِ ثریا کے تلے سوئی ہے
چاند بے رنگ سا ہے، رات پہ پابندی ہے

آگ سینوں میں لگے ، ساغر و مینا چھلکے
کوئی کہتا تھا کہ برسات پہ پابندی ہے

(کُلیاتِ ساغر سے ماخوذ)

Marfat.com

برگشتۂ یزداں سے کچھ بُھول ہوئی ہے
بھٹکے ہوئے انساں سے کچھ بُھول ہوئی ہے

تا حدِّ نظر شُعلے ہی شُعلے ہیں چمن میں!
پُھولوں کے نگہبان سے کچھ بھول ہُوئی ہے

جس عہد میں لُٹ جائے فقیروں کی کمائی!
اس عہد کے سُلطان سے کچھ بُھول ہوئی ہے

ہنستے ہیں مری صورتِ مفتوں پہ شگوفے
میرے دلِ نادان سے کچھ بھول ہوئی ہے

حوروں کی طلب اور مے وساغر سے ہے نفرت
زاہد! ترے عرفان سے کُچھ بُھول ہوئی ہے

(کلیاتِ ساغر سے ماخوذ)

Marfat.com

# دنیائے عشق، ایک معاشقہ، کچھ تلخ یادیں

بھری بزم میں راز کی بات کہہ دی
بڑا بے ادب ہوں سزا چاہتا ہوں

سُنا ہے زندگی میں کسی نہ کسی مرحلے پر عشق و محبت کا ہونا انتہائی ضروری ہے، سال ۱۹۸۷ء میں دورانِ سروس بندہ بھی مٹاٹا کی رہنے والی ایک حسین و جمیل لڑکی کے دامِ اُلفت میں گرفتار ہوا، یہ لمحات یقیناً بندہ کے لیے تکلیف دہ لمحات تھے معاشی حالات، انا پرستی یا کسی اور سبب سے یہ تعلق کامیابی سے ہمکنار نہ ہوسکا اور سال ۱۹۹۰ء کے بعد بندہ ہمیشہ کے لیے ان کی دنیا سے دور چلا گیا تاہم ایک طویل عرصے تک اس معاشقے اور صدمے کے اثرات بندہ کے دِل و دماغ پر نقش ہو گئے..........

تجھے کیا خبر غم عشق میں وہ مقام آیا ھی گیا
کبھی ہم نے دِل کو منالیا کبھی دِل کے ہاتھوں بہل گئے

ہمیں تو گردش حالات پہ رونا آیا
رونے والے تجھے کس بات پہ رونا آیا

خموش اے دِل بھری محفل میں چلانا نہیں اچھا
ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں

Marfat.com

دل کے لٹنے کا سبب پوچھو نہ سب کے سامنے
نام آئے گا تمہارا یہ کہانی پھر سہی

جھک کے ملنا بھی ایک قیامت ہے
لوگ بزدل سمجھنے لگتے ہیں

(خلش مظفر)

☆

## میرے پسندیدہ مجلّے

(۱) ماہنامہ الحق اکوڑہ خٹک (ضلع نوشہرہ) مدیر مولانا سمیع الحق صاحب

(۲) ماہنامہ القاسم خالق آباد (ضلع نوشہرہ) مدیر مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب

(۳) ماہنامہ میثاق لاہور مدیر حافظ عاکف سعید صاحب

(۴) ماہنامہ ضیائے آفاق لاہور مدیر سجاد حیدر صاحب

(۵) ماہنامہ بیداری حیدرآباد مدیر حافظ محمد موسیٰ بھٹو صاحب

(۶) ماہنامہ ''دارالعلوم'' دیوبند سہارن پور (انڈیا) مدیر حبیب الرحمٰن قاسمی صاحب

Marfat.com

# میرے پسندیدہ مشاغل

(۱) دینی رسائل وجرائد کا مطالعہ

(۲) روزناموں کا مطالعہ

(۳) خط وکتابت

(۴) باغبانی

(۵) سیر وسیاحت

(۶) شعر وشاعری

(۷) والدہ مرحومہ کی قبر مبارک پر حاضری۔

Marfat.com

# میرے پسندیدہ کُتب

(۱) قرآن حکیم | (۲) بخاری شریف
(۳) ضربِ کلیم | (۴) بالِ جبریل
(۵) Reconstruction of religious thouht in Islam | (۶) دیوانِ غالب
(۷) دیوانِ عبدالرحمن بابا | (۸) دیوانِ خوشحال خان خٹک
(۹) نقشِ فریادی | (۱۰) پیامِ مشرق
(۱۱) عرش وفرش | (۱۲) تعلیم الاسلام
(۱۳) احیاء العلوم | (۱۴) فضائل صدقات
(۱۵) فضائل اعمال | (۱۶) حصنِ حصین
(۱۷) مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق | (۱۸) قوت القلوب
(۱۹) امام اعظم کا نظریہ انقلاب وسیاست | (۲۰) آثارِ صالحہ
(۲۱) جمالِ مصطفیٰ | (۲۲) درسِ علم وعرفان
(۲۳) سُراغِ زندگی | (۲۴) صلیبی دہشت گردی اور عالم اسلام
(۲۵) فانی زندگی کے چند ایام | (۲۶) حکایتِ دل
(۲۷) دیوانِ حافظ الپوری | (۲۸) حیاتُ الحیوان

Marfat.com

(۲۹) مثنوی مولانا روم
(۳۰) نقوشِ حقانی
(۳۱) کشف المحجوب
(۳۲) اُردوئے معلی
(۳۳) خطباتِ مدراس
(۳۴) ارمغانِ حجاز
(۳۵) حجۃ اللہ البالغہ
(۳۶) قصص القرآن
(۳۷) تاریخِ اِسلام
(۳۸) جدید جاھلیّت
(۳۹) اِسلام کا اقتصادی نظام
(۴۰) غبارِ خاطر
(۴۱) احکامِ میّت
(۴۲) خاک اور خون
(۴۳) فلسفہ شریعت اِسلام
(۴۴) برکۃ المغازی
(۴۵) دُنیا میرے آگے
(۴۶) تاریخ دعوت وعزیمت
(۴۷) دجالی فتنہ کے خدوخال، سورۃ کہف کی روشنی میں
(۴۸) اِسلامی دنیا میں اسلامیت اور مغربیت کی کشمکش
(۴۹) اِنسانی دُنیا پر مسلمانوں کے عروج وزوال کا اثر
(۵۰) نقوشِ اقبال

Marfat.com

# پاکستان کے پسندیدہ شہر اور مقامات

(۱) مردان
(۲) پشاور
(۳) دیر
(۴) چترال
(۵) سیدو شریف
(۶) الپوری
(۷) نوشہرہ
(۸) رسالپور
(۹) کوھاٹ
(۱۰) ایبٹ آباد
(۱۱) اِسلام آباد
(۱۲) لاہور
(۱۳) واہ کینٹ
(۱۴) ملتان
(۱۵) سیالکوٹ
(۱۶) فیصل آباد
(۱۷) کراچی
(۱۸) حیدر آباد
(۱۹) کوئٹہ
(۲۰) زیارت

Marfat.com

# عالمِ اسلام کے پسندیدہ شہر

| | |
|---|---|
| (۱)مکہ معظمہ | (۲)مدینہ منورہ |
| (۳) قاھرہ | (۴)ریاض |
| (۵)دمشق | (۶)عمان |
| (۷)بخارا | (۸)سمرقند |
| (۹)بغداد | (۱۰)دوحہ |
| (۱۱)کوالالمپور | (۱۲)جکارتہ |
| (۱۳)ڈھاکہ | (۱۴)شیراز |
| (۱۵)کابل | (۱۶)قندھار |
| (۱۷)گروزنی | (۱۸)ترمذ |
| (۱۹)الماتے | (۲۰)بشکک |

## ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

**نعمتان مغبون فیهما کثیر من الناس الصحة و الفراغ**

ترجمہ : دو نعمتیں ایسی ہیں جس میں عام طور پر لوگ غبن کا شکار ہو جاتے ہیں، ایک صحت دوسرے فراغت۔

Marfat.com

# سعودی عرب کا سفر

نومبر ۲۰۰۳ء میں اھلیہ کے ہمراہ سعودی عرب کا سفر اختیار کیا، تقریباً ۱۲ دِن سعودی عرب میں گزارے، عمرہ ادا کیا۔ مکہ مکرّمہ کی سیر کی بیت اللہ شریف میں حاضری دی، مدینہ منوّرہ دیکھا۔ مسجد نبویؐ میں حاضری دی، جنّت البقیع اور جنت المعلّٰی پر حاضری دی جبل نور کا منظر دیکھا۔ جبل ثور پر قیام کیا جدہ کا بین الاقوامی ہوائی اڈّہ بھی دیکھا بیت اللہ شریف میں روزنامہ جنگ پاکستان کے ایڈیٹر اِنچیف جناب میر جاوید رحمٰن صاحب سے ملاقات کی اُنہوں نے ہمیں بہت پیار دیا اور ہمارے ساتھ مکمل تعاون فرمایا، سعودی عرب کے مواصلات کی ترقی نے بے حد متاثر کیا کاش ہمارے بدقسمت ملک میں بھی ایسی خوبصورت شاہراہیں بنیں اور کمیشن خوری کا خاتمہ ہو۔

(افسوس کہ وہاں کے مقامی ٹیکسی ڈرائیور حضرات مسافروں اور زائرین کو لوٹنے میں ہمارے پاکستانی ٹیکسی ڈرائیورز سے کچھ کم نہیں بلکہ اِن سے دو قدم آگے ہیں اور ہاں وہاں بھی امریکی حکومت اور امریکی آقاؤں کے پروردہ سعودی شہزادوں کی حکومت ہیں جو نہ صرف زبردست عیش وعشرت کی زندگی گزار رہے ہیں بلکہ انہوں نے کروڑوں اہل عرب کو یرغمال بنا رکھا ہے)

Marfat.com

# ازدواجی زِندگی

۱۴ اکتوبر ۱۹۹۳ء کو ازدواجی زندگی کا آغاز کیا، نسرین اختر میری شریک حیات ہیں، آپ ایم اے بی ایڈ ہیں مردان شہر کے مقامی گرلز ھائی سکول میں بحثیت ایس ای ٹی فرائض انجام دے رہی ہیں آپ کا تعلق چکدرہ ضلع دیر لوئر کے ایک شریف خاندان سے ہے، **لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَتِ اللہ** پرعمل کرتے ہوئے اب بھی اللہ تعالیٰ سے نیک اور صالح اولاد کی اُمید رکھتے ہیں۔

Marfat.com

# دیگر مخلص دوستوں کی تفصیل

میرے دوسرے مخلص بزرگوں اور ساتھیوں کی تفصیل حسب ذیل ہے،

| | |
|---|---|
| (۱) جناب حفیظ اللہ | سابق پرنسپل ضلع دیرلوئر |
| (۲) جناب سردار حُسین | سابق پرنسپل ضلع نوشہرہ |
| (۳) جناب جان محمد | جامعہ ابوھریرہ ضلع نوشہرہ |
| (۴) جناب مولانا عبدالغنی | جامعہ ابوھریرہ ضلع نوشہرہ |
| (۵) جناب حافظ محمد قاسم | جامعہ ابوھریرہ ضلع نوشہرہ |
| (۶) جناب حافظ راشد الحق | جامعہ حقانیہ ضلع نوشہرہ |
| (۷) جناب حبیب اللہ | جامعہ ابوھریرہ ضلع نوشہرہ |
| (۸) جناب مولوی رشید نور | دوحہ (قطر) |
| (۹) جناب عبدالناصر | دوحہ (قطر) |
| (۱۰) جناب شھزاللہ خان | افیسر گریڈ (۲) MCB پشاور |
| (۱۱) جناب حبیب اللہ خان | خیبر ھاؤس پشاور صدر |
| (۱۲) جناب بخت زمان خان | ثمر باغ ضلع دیرلوئر |
| (۱۳) جناب محمد زمان | آرکائیوز ڈیپارٹمنٹ پشاور |
| (۱۴) جناب محبوب زمان | الفجیرہ (U.A.E) |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| (۱۵) جناب حماد زمان | نیو گرین مارکیٹ پشاور شہر |
| (۱۶) جناب حیدر زمان | ضلع پشاور |
| (۱۷) جناب محمد عبداللہ | حیات آباد پشاور |
| (۱۸) جناب جاوید اقبال | حیات آباد پشاور |
| (۱۹) جناب چراغ الدّین | ایڈووکیٹ ضلع دیر اپر |
| (۲۰) جناب محمد ناصر | ضلع دیر اپر |
| (۲۱) جناب زاھد جان | ضلع دیر اپر |
| (۲۲) جناب مبارک جان | ضلع دیر اپر |
| (۲۳) جناب محمد رزّاق | ضلع دیر اپر |
| (۲۴) جناب عبدالودود | ضلع مردان |
| (۲۵) جناب عبیدالرّحیم | ضلع نوشہرہ |
| (۲۶) جناب احسانُ الرّحیم | ضلع نوشہرہ |
| (۲۷) جناب محمد اِسلام | پاکستان کلے ضلع چارسدہ |
| (۲۸) جناب رحیم اللہ خان | چکدرہ ضلع دیر لوئر |
| (۲۹) جناب حاجی محمد سعید | چکدرہ ضلع دیر لوئر |
| (۳۰) جناب تاج محمد خان | چکدرہ ضلع دیر لوئر |
| (۳۱) جناب شہزادہ جان | پرنسپل ضلع دیر لوئر |
| (۳۲) جناب شوکت حیات | چکدرہ ضلع دیر لوئر |
| (۳۳) جناب محمد امین | منڈا ضلع دیر لوئر |
| (۳۴) جناب شاہ خالد محمد | ترناؤ، ضلع دیر لوئر |

Marfat.com

(۳۵) جناب شفقت ممتاز ضلع میاں والی

(۳۶) جناب عالم خان ضلع دیرلوئر

(۳۷) جناب اکرام اللہ شاھد ضلع مردان

(۳۸) جناب گوھر خان ضلع مردان

(۳۹) جناب ماسٹر شمس الدین ضلع چارسدہ

(۴۰) جناب ماسٹر شمس الحق ضلع چارسدہ

(۴۱) جناب فضل رحیم ضلع مردان

(۴۲) جناب حافظ عبدالرحیم ضلع نوشہرہ

(۴۳) جناب قاری مطیع الرحمٰن ضلع مردان

(۴۴) جناب قاری عبدالحمید ضلع دیرلوئر

(۴۵) محترمہ ڈاکٹر عصمت نسرین ضلع پشاور

(۴۶) جناب ڈاکٹر طاھر گل ضلع مردان

(۴۷) جناب ڈاکٹر اکرم خان ضلع مردان

(۴۸) جناب جان سید ضلع مردان

(۴۹) محترمہ صداقت ضلع پشاور

(۵۰) جناب عالمزیب خان ایڈوکیٹ ضلع مردان

(۵۱) جناب محمد عارف ضلع مردان

(۵۲) جناب اسلم خان NBP,AVP ڈی آئی خان

(۵۳) جناب محمد حنیف خان NBP,SVP پشاور (Now افغانستان)

(۵۴) جناب سلیم بنگش NBP پشاور

(۵۵) جناب شاہ جہان NBP,SVP پشاور

Marfat.com

| | |
|---|---|
| (۵۶) جناب سخاوت شاہ | ضلع مردان |
| (۵۷) جناب شیراز اقبال NBP | پشاور |
| (۵۸) جناب ڈاکٹر محمد اسلام گوھر | پشاور یونیورسٹی |
| (۵۹) جناب ظاہر شاہ NBP.Evp | رسالپور ضلع نوشہرہ |
| (۶۰) جناب فدا محمد خان | ضلع مردان |
| (۶۱) جناب طارق خان | ضلع مردان |
| (۶۲) جناب فقیر حسین | ضلع چارسدہ |
| (۶۳) فرحت ناز خان | ضلع پشاور |
| (۶۴) جناب ڈاکٹر عمر خطاب | ضلع مردان |
| (۶۵) جناب فیروز الدینؒ FEF کالج | چکدرہ ضلع دیر لوئر |

☆

# ایک دل خراش واقعہ

دفتری کام مکمل کرنے کے بعد ایک شام پشاور سے مردان آرہا تھا، انتہائی سردی کا موسم تھا، جنرل بس سٹینڈ پشاور کے قریب کھلے مین ہول میں گر گیا۔ کافی زخم آئے اور چور چور بدن کیساتھ مردان آ گیا، نجانے کتنے معصوم لوگ ان مین ہولز میں گر کر جان بحق ہو چکے ہوں گے، اسی سے پشاور کی ضلعی و مقامی حکومت اور متعلقہ اداروں کی نام نہاد ''شاندار کارکردگی'' کا آسانی سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

Marfat.com

# پاکستان کی چند مخلص اور مشہور شخصیات

وطن عزیز پاکستان میں عظیم لوگوں کی کوئی کمی نہیں تاہم جن عظیم شخصیات اور مخلص ہستیوں نے وطن عزیز پاکستان کے لیے علمی، طبی، سائنسی، تعلیمی، معاشی اور مذہبی شعبوں میں گرانقدر خدمات انجام دی ہیں، اُن کا تذکرہ نہ کرنا ناانصافی ہوگی اِن حضرات کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں۔

(۱) مولانا شبیر احمد عثمانی
(۲) مولانا مفتی محمد شفیع
(۳) مولانا احمد علی لاہوری
(۴) مولانا مفتی محمود
(۵) مولانا غلام غوث ہزاروی
(۶) مولانا عبدالحق
(۷) ڈاکٹر حبیب اللہ مختار
(۸) مولانا محمد یوسف بنوری
(۹) مولانا محمد یوسف لدھیانوی
(۱۰) جناب حفیظ جالندھری مرحوم
(۱۱) ڈاکٹر علامہ محمد اقبال
(۱۲) ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی مرحوم
(۱۳) ڈاکٹر محبوب الحق مرحوم
(۱۴) ڈاکٹر اسرار احمد
(۱۵) ڈاکٹر عبدالقدیر خان
(۱۶) علامہ شمس الحق افغانی
(۱۷) ڈاکٹر خیرات محمد ابنِ رسا
(۱۸) ڈاکٹر عبدالرزاق سکندر
(۱۹) مولانا امین احسن اِصلاحی
(۲۰) مولانا محمد حسن جان شہید
(۲۱) مولانا عبداللہ شہید
(۲۲) مولانا مفتی ولی حسن
(۲۳) مفتی نظام الدین شامزئی شہید
(۲۴) ڈاکٹر محمود احمد غازی

Marfat.com

(۲۵) مولانا عبدالقیوم حقانی
(۲۶) ڈاکٹر سیّد عبدُ اللہ مرحوم
(۲۷) لیفٹیننٹ کرنل محمد اعظم خان ریٹائرڈ
(۲۸) علامہ طالب ھاشمی مرحوم
(۲۹) میجر آفتاب حسن
(۳۰) جسٹس اِفتخار محمد چودھری
(۳۱) مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی
(۳۲) جسٹس سجاد علی شاہ
(۳۳) ڈاکٹر غلام مرتضیٰ ملک شہید
(۳۴) جناب اسعد گیلانی
(۳۵) پروفیسر خورشید احمد
(۳۶) ڈاکٹر جمیل جالبی
(۳۷) ڈاکٹر وحید قریشی
(۳۸) ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن
(۳۹) مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری
(۴۰) مولانا عبداللہ درخواستی
(۴۱) ڈاکٹر شیر علی شاہ
(۴۲) ڈاکٹر عطاء الرحمٰن
(۴۳) حافظ محمد موسیٰ بھٹو
(۴۴) پروفیسر پریشان خٹک
(۴۵) ڈاکٹر عنایت اللہ فیضی
(۴۶) ایم ایم عالم
(۴۷) عبدالکریم عابد
(۴۸) حکیم محمد سعید مرحوم
(۴۹) مفتی محمد تقی عثمانی
(۵۰) قاری صداقت علی

نوٹ: ان میں سے بیشتر حضرات نے اپنی ''شاندار خدمات'' کے صلے میں حکومتی خزانے سے معقول اور مناسب معاوضہ باقاعدگی سے وصول کیا ہے۔

Marfat.com



# شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کے مشہور اشعار

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

خودی سے مردِ خود آگاہ کا جلال و کمال
کہ یہ کتاب ہے باقی تمام تفسیریں

نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں
کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سُراغ زندگی
تُو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن

موت کو سمجھے ہیں غافل اختتامِ زندگی
ہے یہ شامِ زندگی صبحِ دوامِ زندگی

خدائے لم یزل کا دستِ قدرت تو زباں تو ہے
یقیں پیدا کر اے غافل کہ مغلوب گماں تو ہے

Marfat.com

شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن
نہ مالِ غنیمت نہ کشور کشائی

دو عالم سے کرتی ہے بیگانہ دِل کو
عجب چیز ہے لذّتِ آشنائی

قہّاری و غفّاری و قدّوسی و جبروت
یہ چار عناصر ہو تو بنتا ہے مسلمان

یہ راز کسی کو نہیں معلوم کہ مومن
قاری نظر آتا ہے حقیقت میں ہے قرآن

نشاں یہی ہے زمانے میں زندہ قوموں کا
کہ صُبح و شام بدلتی ہیں اُن کی تقدیریں

کافر کی یہ پہچان کہ آفاق میں گم ہے
مؤمن کی یہ پہچان کہ گم اِس میں ہے آفاق

آج بھی ہو جو براہیمؑ کا ایماں پیدا
آگ کر سکتی ہے اندازِ گلستاں پیدا

اپنی ملّت پر قیاس اقوامِ مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمیؐ

برتر از اندیشۂ سود وزیاں ہے زندگی
ہے کبھی جاں اور کبھی تسلیم جاں ہے زندگی

تو اسے پیمانۂ امروز و فردا سے نہ ناپ
جاوداں پیہم رواں ہر دم رواں ہے زندگی

Marfat.com

خود بدلتے نہیں قرآں کو بدل دیتے ہیں
ہوئے کس درجہ فقیہانِ حرم بے توفیق

یہ عقل و دل ہیں شرر شعلۂ محبت کے
وہ خاروخس کے لیے ہے یہ نیستاں کے لیے

دِل سے جو آہ نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پر نہیں طاقتِ پرواز مگر رکھتی ہے

محبت ہی سے پائی ہے شفا بیمار قوموں نے
کیا ہے اپنی بختِ خفتہ کو بیدار قوموں نے

عشق کے مضراب سے نغمۂ تارِ حیات
عشق سے نورِ حیات عشق سے نارِ حیات

ہو اگر خود نگر و خود گر و خود گیر خودی
یہ بھی ممکن ہے کہ تو موت سے بھی مر نہ سکے

نہ ہو نومید نومیدی زوالِ علم و عرفاں ہے
اُمیدِ مردِ مومن ہے خدا کے راز دانوں میں

قدرت نے مجھے بخشے ہیں جوہر ملکوتی
خاکی ہوں مگر خاک سے رکھتا نہیں پیوند

جس کھیت سے دھقان کو میسّر نہ ہو روزی
اُس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلادو

Marfat.com

عرش کا ہے کبھی کعبہ کا ہے دھوکہ اِس پر
کس کی منزل ہے الٰہی میرا کاشانہ دِل

فقط نگاہ سے ہوتا ہے فیصلہ دل کا
نہ ہو نگاہ میں شوخی تو دلبری کیا ہے

مٹا دے اپنی ہستی کو اگر کچھ مرتبہ چاہے
کہ دانہ خاک میں مل کر گلِ گلزار ہو تا ہے

عالم ہے فقط مؤمنِ جانباز کی میراث
مؤمن نہیں جو صاحبِ لولاک نہیں ہے

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چُن لیے
قطرے جو تھے مرے عرقِ انفعال کے

Marfat.com



شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ

# مفکّرِ پاکستان علاّمہ محمّد اقبال میری نظر میں

حکیم الامّت علاّمہ محمّد اقبال ۱۹ ویں اور ۲۰ ویں صدی کے عظیم ترین مفکّر تھے آپ کا شمار دُنیا کے نامور مفکّرین میں ہوتا ہے، آپ نے عالمِ اِسلام خصوصاً برصغیر کے مسلمانوں کے لیے بہت سی خدمات انجام دی ہیں،

آپ اِسلامی دُنیا کے بہت بڑے مُسلم دانشور، مفکّر اور فلاسفر تھے آپ نے مُسلم دنیا کی ترقی، اتحاد اور تعمیرِ نو کے لیے بہت کام کیا ہے آپ کا فلسفۂ خودی انتھائی شہرت رکھتا ہے آپ یقیناً ایک سچے کھرے اور راسخ العقیدہ مومن تھے، اللہ تعالیٰ نے آپ کو بے شمار علمی، عقلی اور روحانی خوبیوں سے نوازا تھا، آپ کا کلام پُرسوز، پُر درد اور عبرت آموز کلام ہے آپ کی شاعری آفاقی اور ہمہ گیر حیثیت کی حامل شاعری ہے۔

آپ فلسفے پر انتھائی عبور رکھتے تھے،

Marfat.com

آپ کے عظیم اساتذہ آپ پر بہت ناز کرتے تھے آپ کے عظیم اساتذہ میں مولوی میر حسن مرحوم، پروفیسر آرنلڈ اور داغ دھلوی کافی شہرت رکھتے ہیں آپ قرآن وحدیث کے بہت بڑے شارح تھے، آپ کو قرآن حکیم اور پیغمبر اسلامؐ سے بہت محبت اور عقیدت تھی آپ نے برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی کا جذبہ بیدار کیا اور اُن کے اندر نئی روح پھونکی آپ ہی کی مساعی کی بدولت ہمیں آزادوطن پاکستان مل گیا، پاکستان کے اصل خالق اور مصوّر آپ ھی تھے آپ نے پوری زندگی مسلم ملّت کی استحکام، اِسلامی دُنیا کے اتحاد اور عالم اسلام کی ترقی کے لیے وقف کردی تھی آپ نہ صرف مسلم دُنیا بلکہ مغربی دنیا میں بھی ایک ممتاز مقام اور شہرت رکھتے ہیں آپ کی شاعری عمل، کردار، تصوف، متانت، مومنانہ صفات اور مسلسل جدو جہد سے عبارت ہے آپ نے اسلامی احیاء اور اسلامی تحاریک کے لیے انتھک قابل قدر اور زبردست خدمات انجام دی ہیں، آپ کا نہ صرف پاکستان بلکہ ایران، افغانستان، بھارت، جرمنی، رُوس، سعودی عرب اور کئی ممالک میں زبردست احترام کیا جاتا ہے، دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اِس عظیم انسان اور نابغہ روزگار شخصیت کی مغفرت کرے، اُن کو اعلیٰ وارفع درجات سے نوازے اُن کی روح کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا کردے اور اُن کی مرقد مبارک پر ہر لحہ انوار برسے۔ (آمین)

Marfat.com

## ممتاز مفکر امیر شکیب ارسلان کی رائے

گزشتہ ایک ہزار سال کے دوران اِسلام نے جو مفکر پیدا کیے اُن میں اقبال کا مقام سب سے ممتاز ہے۔

## بانیِ پاکستان محمد علی جناح کے تاثرات

علامہ اِقبال میرے ذاتی دوست تھے اور اُن کا شمار دُنیا کے عظیم شعراء میں ہوتا ہے وہ تا قیامت زندہ رہیں گے، اُن کی عظیم شاعری اسلامیانِ ھند کی اُمنگوں، آرزوؤں اور جذبات کی عکاسی کرتی ہے، یہ شاعری ہمارے لیے اور آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ کا کام دیتی رہے گی۔

Marfat.com

# لمحۂ فکریہ

اے انسان تو سمجھتا ہے کہ تُو ہمیشہ زندہ رہے گا، لیکن نہیں بلکہ دنیا جلد ہی تمھارا نام زندوں کی فہرست سے نکال کر مُردوں کی فہرست میں درج کر دے گی۔

والدین بہت روئیں گے بالآخر مایوس ہو کر بیٹھ جائیں گے احباب عزیز و اقارب تمھیں خوب یاد کر کر کے ہمیشہ کے لیے بُھول جائیں گے بیوی کچھ عرصہ سوگوار رہے گی مگر چند روز کے بعد حالات کی تبدیلیاں اُسے تازہ مشاغل میں اُلجھا دیں گی بچے بہت یاد کریں گے مگر آہستہ آہستہ اُن کے ذہن سے تمھارا نقش محو ہو جائے گا، طوفان بادو باراں دستورًا تمھاری قبر کی بلندی کو ہموار کر کے تمھارا نام صفحۂ ہستی سے مٹا دیں گے چند سال بعد ایک بھولے ہوئے خواب کی مانند ہو جاؤ گے۔

نصف صدی گزر جانے پر اس بات کا باور کرنا مشکل ہو گا کہ تم کبھی دنیا میں آئے بھی تھے اِس لیے دُنیا کی فکر چھوڑ! آخرت کی تیاری کر جہاں ابدی زندگی تیرا انتظار کر رہی ہے۔

(احتشام اللہ جان مردان)

Marfat.com

# ایک المناک موڑ

موت ایک نا قابلِ تردید حقیقت ہے، اوراس سے کسی کوفرار حاصل نہیں،
۲۸ اور ۲۹ نومبر ۲۰۰۶ء کی درمیانی رات میری زندگی کا سب سے المناک موڑ تھا جب میری والدہ ماجدہ ہماری آرزوؤں اور دُعاؤں کا مرکز، ہماری غم خوار، ہماری ہمدرد اور ہماری محبتوں اور اُلفتوں کا مرکز اور ہماری عظیم ماں اِس دُنیائے فانی سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے کوچ کر گئیں اور دارِ آخرت کو سنوار گئیں، اُن کی رحلت سے میری زندگی میں ایک عظیم خِلا پیدا ہوگیا جسے آسانی سے پُر نہیں کیا جا سکے گا کسی بھی اِنسان کی زندگی میں والدین کا ایک انتہائی اہم رول ہوتا ہے۔ والدین انسان کی معاشرتی، علمی، اخلاقی اور روحانی زندگی میں نہ صرف انتہائی اہمیت رکھتے ہیں بلکہ اُس پر براہِ راست اثر انداز ہوتے ہیں،
خصوصاً والدہ کی جدائی پر انسان کے اعضاء شل ہو جاتے ہیں اور اُسے نا قابلِ تلافی نقصان اُٹھانا پڑتا ہے جس کا مشاہدہ ہر ذی عقل اور ذی ہوش فرد کر سکتا ہے
دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت کرے، اُن کو درجاتِ عالیہ عطا فرمائے اور اُن کی قبر مبارک پر دن رات انوار برسیں۔ (آمین)

Marfat.com

موت تجدیدِ مذاقِ زندگی کا نام ہے
خواب کے پردے میں بیداری کا اِک پیغام ہے
(علامہ اقبال)

ایک مدّت سے میری ماں نہیں سوئی تابش
میں نے اِک بار کہا تھا مجھے ڈر لگتا ہے
(تابش الوری)

## خواجہ عزیز الحسن مجذوب کے خوبصورت اشعار

تُم سا کوئی ہمدم کوئی دمساز نہیں ہے
باتیں تو ہیں ہر دم مگر آواز نہیں ہے

ہم تم ہی بس آگاہ ہیں اِس ربطِ خفی سے
معلوم کسی اور کو یہ راز نہیں ہے

Marfat.com

# مولانا جلال الدّین رومی

# خوب فرماتے ہیں

از محبت تلخہا شیریں شود
وِز محبت مسہا زرّیں شود

از محبت دُردھا صافی شود
وِز محبت دَر دھا شافی شود

از محبت سجن گلشن می شود
بے محبت روضہ گلخن می شود

از محبت شاہ بندہ می شود
وِز محبت مُردہ زندہ می شود

از محبت قہر رحمت می شود
وِز محبت سقم صحت می شود

Marfat.com

# پوسٹ ماسٹر جنرل آفس پشاور میں

# الوداعی دعوت کا انعقاد

مورخہ ۲۰۰۸/۱۱/۱۳ کو پی ایم جی آفس پشاور میں ہمارے اُن دوستوں کے اعزاز میں الوداعی دعوت کا اہتمام کیا گیا جو حال ہی میں ریٹائر ہو چکے ہیں یا LPR پر ہیں یا آئندہ چند مہینوں میں ریٹائر ہو رہے ہیں۔ راقم الحروف بھی اِن ریٹائرڈ حضرات میں شامل تھے، تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، تلاوت کی سعادت بھی راقم کو حاصل رہی، ریٹائر ہونے والوں میں جناب امجد علی شاہ، جناب صحبت خان، جناب شاموس خان، جناب اسماعیل حسین اور راقم یعنی احتشام اللہ جان قابل ذکر ہیں۔

اِس دعوت کا اہتمام جناب فضلِ ستار خان پی ایم جی پشاور، تمام افسران، جُملہ عملہ سرکل آفس پشاور اور سرکل آفس یونین نے مشترکہ طور پر کیا تھا۔ جناب صحبت خان نے اِس موقع پر مختصر خطاب کیا راقم نے اِس تقریب میں مفصل خطاب کیا اور تمام حضرات کا خلوصِ دِل سے شکریہ ادا کیا۔

جناب محمد ایاز خان ڈپٹی پی ایم جی NPR ایبٹ آباد بھی اِس موقع پر موجود تھے۔ پی ایم جی صاحب نے بھی اِس موقع پر مختصر خطاب کیا اور ریٹائرڈ حضرات کی خدمات پر روشنی ڈالی، تقریب کا اختتام خصوصی دُعاؤں پر ہوا اور وطن عزیز کی سلامتی

Marfat.com

کے لیے خصوصی دُعائیں بھی مانگی گئیں، بعد میں ریٹائرڈ حضرات کے اعزاز میں چائے کی پر تکلّف دعوت دی گئی اور اُنہیں خصوصی تحائف سے نوازا گیا۔ اس موقع پر نئے اے پی ایم جی (ایڈمن) جناب سمیع اللہ خان، نئے چیف پوسٹ ماسٹر پشاور جی پی او جناب نثار محمد خان اور اے جی ایم پی ایل آئی پشاور جناب زینت حسین بنگش بھی موجود تھے۔

# بزرگوں کے مزارات پر حاضری

بندہ نے جن مشہور صوفیاء، اولیاء اللہ اور بزرگوں کی مزارات پر حاضری دی اُن کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں،

(۱) شاہ اِسماعیل شہید

(۲) سیّد احمد شہید

(۳) داتا گنج بخش سید علی ھجویری

(۴) علامہ محمد اقبال

(۵) حافظ الپوری

(۶) شیخ الحدیث مولانا عبدالحق

(۷) شیخ الحدیث مولانا محمد حسن جان شہید

(۸) محمد یحیٰ حضرت جی

Marfat.com

# قرآن مجید......اللہ کا آخری کلام

قرآن حکیم اللہ تعالیٰ کا آخری کلام ہے، یہ آخری آسمانی کتاب ہے یہ الھامی کلام ہے یہ آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اُتاری گئی ہے اِس عظیم کتاب کی تعلیمات ابدی اور لافانی تعلیمات ہیں۔ یہ بنی نوع انسان کے لیے ھدایت کا مکمل سرچشمہ ہے، یہ سراپا ھدایت اور نور ہے، یہ وھی کتاب ہے جس نے کائنات کو حسن اور رونق بخشی ہے، اس کی تعلیمات زندگی کے تمام شعبوں پر حاوی ہیں، اِس کتاب میں زندگی کے تمام مسائل کا حل موجود ہے، یہ تمام اِقتصادی، معاشرتی، اخلاقی اور روحانی امراض کا مکمل علاج مہیا کرتا ہے۔ اگرچہ شومیٔ قسمت سے بندہ حفظ تو نہ کرسکا لیکن اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ بندہ کو اِس عظیم کتاب کے بے شمار سورتیں اور رکوعات ازبر ہیں، یہ کتاب بین الاقوامی امن کی ضمانت دیتا ہے، اِس میں قوموں کے عروج وزوال کا مکمل تذکرہ موجود ہے، دُنیا کے جس قوم نے بھی اس کتاب کی تعلیمات پر عمل کیا وہ ہمیشہ کامیاب وکامران رہی اور جس قوم نے بھی اِس کتاب کی تعلیمات سے روگردانی کی وہ ہمیشہ ذلیل وخوار ہوئی، ویسے تو اس عظیم کتاب کی ہر آیت میں نسل انسانی کیلئے بڑی عبرت وموعظت پوشیدہ ہے اور اس کتاب کی ہر آیت میں عظمت اور جلال ہے تاہم اس کتابِ عظیم سے چند مشہور آیتیں یہاں پیش کی جارہی ہیں تاکہ انسانیت کو ان سے روشنی اور ھدایت مل جائے اور بندہ کی اس معمولی کوشش

Marfat.com

یعنی چھوٹی سی تصنیف کو برکت مل سکے اور یہ عظیم آیتیں اُمتِ مرحومہ اور میری لیے نجات کا سبب بن سکے تو یہ میری لیے بہت بڑی کامیابی ہوگی اور اس سے بڑی خوش نصیبی اور خوش قسمتی میرے لیے اور کوئی نہیں ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

## ایمان والے اللہ کی محبت میں اشد ہیں

پارہ نمبر۲ سورۃ البقرۃ۲ آیت نمبر ۱۶۵

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ط وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط وَ لَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّ اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ہ

ترجمہ : اور بعض لوگ وہ ہیں جو بناتے ہیں اللہ کے برابر اوروں کو اُن کی محبت ایسی رکھتے ہیں جیسی محبت اللہ کی اور ایمان والوں کو اِس سے زیادہ تر ہے محبت اللہ کی اور اگر دیکھ لیں یہ ظالم اُس وقت کو جبکہ دیکھیں گے عذاب کہ قوت ساری اللہ ہی کے لیے ہے اور یہ کہ اللہ کا عذاب سخت ہے۔

## شرفِ آدمیّت کی علّت

پارہ نمبر۹ سورۃُ الاعراف۹ آیت نمبر ۱۷۹

وَ لَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا وَ لَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا وَ لَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ط اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ط اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ہ

Marfat.com

ترجمہ : اور ہم نے پیدا کئے دوزخ کے واسطے بہت سے جن اور آدمی اُن کے دل ہیں کہ اُن سے سمجھتے نہیں اور آنکھیں ہیں کہ اُن سے دیکھتے نہیں اور کان ہیں کہ اُن سے سُنتے نہیں وہ ایسے ہیں جیسے چوپائے بلکہ اُن سے بھی زیادہ بے راہ وہی لوگ ہیں غافل۔

## اللہ کی سنّت

### پارہ نمبر۱۲ سورۃ ھود آیت نمبر۱۱۷

وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ٥

ترجمہ : اور تیرا رب ھرگز ایسا نہیں کہ ھلاک کرے بستیوں کو زبردستی سے اور لوگ وہاں کے نیک ہوں۔

## ذکر اللہ کی اہمیت

### پارہ نمبر۱۶ سورۃ طٰہٰ آیت نمبر۱۲۴

وَ مَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّ نَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ٥

ترجمہ : اور جس نے منہ پھیرا میری یاد سے تو اُس کو ملنی ہے گزران تنگی کی اور لائیں گے ہم اُس کو دِن قیامت کے اندھا۔

Marfat.com

## کفرانِ نعمت اور اس کا وبال

### پارہ نمبر ۲۲ سورۃ فاطر آیت نمبر ۳۹

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَیْهِ كُفْرُهٗ وَ لَا یَزِیْدُ الْكٰفِرِیْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ج وَلَا یَزِیْدُ الْكٰفِرِیْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ٥

ترجمہ : وہی ہے جس نے کیا تم کو قائم مقام زمین میں، پھر جو کوئی ناشکری کرے تو اُس پر پڑے اُس کی ناشکری اور منکروں کو نہ بڑھے گی اُنکے انکار سے اُن کے رب کے سامنے مگر بیزاری اور منکروں کو نہ بڑھے گا اُن کے انکار سے مگر نقصان۔

## کائنات کی تخلیق

### پارہ نمبر ۲۵ سورۃ الدخان آیت نمبر ۳۸

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ ٥

ترجمہ : اور ہم نے جو بنایا آسمان اور زمین اور جو اُن کے بیچ ہے کھیل نہیں بنایا۔

Marfat.com

# ذکر سے اعراض

پارہ نمبر ۲۸ سورۃ الحشر آیت نمبر ۱۹

وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝

ترجمہ : اور مت ہو اُن جیسے جنہوں نے بُھلا دیا اللہ کو پھر اللہ نے بُھلا دیئے اُن کو اُن کے جی وہ لوگ وہی ہیں نافرمان"۔

Marfat.com

# عبدالرّحمان بابا کے خوبصورت اشعار

څه داهسې دیوانه و مجنون چا کړم
له رواجَ له رسومَ بیرون چا کړم

نه پوهیږم چه دا چارې په ما څوك كا
لیونې دخپل نګاه په افسون چا کړم

کومې سترګې کوم بانړه کومه غمزه ده
ډوب شهید غندِ په خاك و په خون چا کړم

توان توفیق خو د فتنوراڅخه نه وو
په فتنودَ تورو سترګو مفتون چا کړم

رحمان هیڅ له خپلَ ځانَ خبر نه یم
چه دا هسې رنګ زبون ومحزون چا کړم

☆ ☆ ☆

Marfat.com

هسے یاد ئے همیشه مدام څما
چه آورا دئے په هر صبح و شام څما

هر کلام چه بے دستا له یاد وکړم
سل توبے دی په هغه کلام څما

بے له تا که زړه آرام کړم په سل رنګ
نه شی نه شی په هیڅ رنګ آرام څما

ننګ ونام که ستا په مینه له مادرومی
زار شه ستا تر مینے ننګ و نام څما

چه قائم شوم په مقام دَ عاشقی
هیر شه دلته واړه بل مقام څما

څو دَ عشق په خم خانهٔ داخل نه کړم
پخته نه دے دغه عقل خام څما

نن دِ وقت دے که مِ آه و فریاد آورے
څو چه خاورے نه دے هر اندام څما

هزار جام و صراحی دِ فلك مات کړه
څو به ګرځی په دا دور جام څما

زهٔ رحمان به دا ناکام کوم تر کومَ
وایه کله به حاصل شی کام څما

☆ ☆ ☆

Marfat.com

ورخ دِ تیره په شومیٔ کړه شپه له خوابَ
خدائے به کله یادوے خانه خرابَ

په شتاب شتاب دِ تله دی که پوهیږے
غافل مه شه دَ دے عمر له شتابَ

دلته دم و قدم دواړه په حساب دی
پل غلط دَ لارے مه ږده بے حسابَ

راستولے خدائے حساب دے په کتاب کښ
خبر زده کړه له حسابَ له کتابَ

ته و خپلو نیکو بدو ته نظر کړه
چه بدی دِ څو تیرے ده له ثوابَ

په هغه جهان به څنګه جواب ورکړے
چه په دے جهان عاجزیٔ له جوابَ

عاقبت به تورو خاورو لره درومے
ځان به څو څنلوے په ګټه له ترابَ

دَ کاغذ په کشتیٔ سیل به کړے تر کومه
دا کشتیٔ به دِ مرګے کاندِ غرقابَ

چه آفتاب یوه نیزه شی بیا به څه کړے
اوس چه سوری له ورتښتے له آفتابَ

په آزار دَ چا راضی مه شه رحمانه
که خلاصی په قیامت غوارے له عذابَ

☆ ☆ ☆

Marfat.com

که څما مينه په تا ده خطا نه ده
که بے تا ده ناروا ده روانه ده

څوك چه بے دَستا له مخه بل ته گوری
آئينه ئے نا صفاده صفا نه ده

هر عاشق چه په خپل يار پسے ژړا کا
دا ژړاواړه خندا ده ژړا نه ده

دَدنيا په تماشا چه څوك نازيږی
خو هم نن ئے تماشا ده صبا نه ده

که ته سل ځله له ماسره جفا کړے
ستا جفا واړه وفا ده جفا نه ده

هغه تير شو چه م مينه په غلا غلا کړه
اوس په درست جهان رسوا ده په غلا نه ده

معشوقه که د خپل سرپه بهاموے
ور حمان وته ويړيا ده بها نه ده

☆ ☆ ☆

Marfat.com

# سرورِ کائنات ﷺ فرماتے ہیں

مَن حسنت صلاتہٗ و کثر عالہٗ وقلّ مالہٗ ولم یغتب المسلمین کان معی فی الجنّتہ کھاتینِ۔

ترجمہ :

''جس کی نماز اچھی ہو اور عیال بہت ہوں اور مال تھوڑا اور مسلمانوں کی غیبت نہ کرے تو جنّت میں میرے ساتھ ہوگا۔''

Marfat.com

# علامہ محمد اقبالؔ کے مشہور و معروف غزلیات

## (بالِ جبریل سے)

لا پھر اک بار وہی بادہ و جام اے ساقی
ہاتھ آجائے مجھے میرا مقام اے ساقی!

تین سو سال سے ہیں ہند کے میخانے بند
اب مناسب ہے ترا فیض ہو عام اے ساقی!

مری مینائے غزل میں تھی ذرا سی باقی
شیخ کہتا ہے کہ ہے یہ بھی حرام اے ساقی!

شیر مردوں سے ہوا بیشۂ تحقیق تہی
رہ گئے صوفی و ملا کے غلام اے ساقی!

عشق کی تیغ جگر دار اُڑالی کس نے
علم کے ہاتھ میں خالی ہے نیام اے ساقی!

سینہ روشن ہو تو ہے سوزِ سخن عین حیات
ہو نہ روشن، تو سخن مرگِ دوام اے ساقی!

تُو مری رات کو مہتاب سے محروم نہ رکھ
ترے پیمانے میں ہے ماہِ تمام اے ساقی!

Marfat.com

متاعِ بے بہا ہے درد و سوزِ آرزومندی
مقامِ بندگی دے کر نہ لوں شانِ خداوندی

ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دُنیا نہ وہ دُنیا
یہاں مرنے کی پابندی، وہاں جینے کی پابندی

حجاب اکسیر ہے آوارہ کوئے محبت کو
مری آتش کو بھڑکاتی ہے تیری دیر پیوندی

گزر اوقات کر لیتا ہے یہ کوہ و بیاباں میں
کہ شاہیں کے لیے ذلت ہے کارِ آشیاں بندی

یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسمٰعیلؑ کو آدابِ فرزندی

زیارت گاہ اہلِ عزم و ہمت ہے لحد میری
کہ خاکِ راہ کو میں نے بتایا رازِ الوندی

میری مشاطگی کی کیا ضرورت حُسنِ معنی کو
کہ فطرت خود بخود کرتی ہے لالے کی حنا بندی

Marfat.com

تجھے یاد کیا نہیں ہے مرے دل کا وہ زمانہ
وہ ادب گہِ محبت وہ نگہ کا تازیانہ
یہ بتانِ عصر حاضر کہ بنے ہیں مدرسے میں
نہ ادائے کافرانہ، نہ تراشِ آزرانہ
نہیں اس کھلی فضا میں کوئی گوشۂ فراغت
یہ جہاں عجب جہاں ہے، نہ قفس نہ آشیانہ
رگِ تاک منتظر ہے تری بارشِ کرم کی
کہ عجم کے مے کدوں میں نہ رہی مئے مغانہ
مرے ہم صفیر اسے بھی اثرِ بہار سمجھے
انہیں کیا خبر کہ کیا ہے یہ نوائے عاشقانہ
مرے خاک وخوں سے تُو نے یہ جہاں کیا ہے پیدا
صلۂ شہید کیا ہے، تب و تاب جاودانہ
تری بندہ پروری سے مرے دن گزر رہے ہیں
نہ گلہ ہے دوستوں کا، نہ شکایتِ زمانہ

Marfat.com

اپنی جولاں گاہ زیرِ آسماں سمجھا تھا میں
آب و گِل کے کھیل کو اپنا جہاں سمجھا تھا میں

بے حجابی سے تری ٹوٹا نگاہوں کا طلسم
اک ردائے نیلگوں کو آسماں سمجھا تھا میں

کارواں تھک کر فضا کے پیچ و خم میں رہ گیا
مہر و ماہ و مشتری کو ہم عناں سمجھا تھا میں

عشق کی اک جست نے طے کر دیا قصہ تمام
اس زمین و آسماں کو بے کراں سمجھا تھا میں

کہہ گئیں رازِ محبت پردہ دارِ یہائے شوق
تھی فُغان وہ بھی جسے ضبط فغاں سمجھا تھا میں

تھی کسی درماندہ رہرو کی صدائے درد ناک
جس کو آوازِ رحیل کا رواں سمجھا تھا میں

Marfat.com

# شیخ الحدیث مولانا محمّد حسنؔ جان شہید

## ایک جلیل القدر ہستی منظوم خراجِ عقیدت

جناب مولانا محمّد حسنؔ جان شہید کا تعلق ضلع چارسدہ (صوبہ سرحد) سے تھا آپ کے والد ماجد جناب مولوی علی اکبر جان مرحوم ایک عالم وفاضل شخص تھے۔


چند سال قبل آپ بمعہ اہل وعیال خیبر روڈ (یونیورسٹی روڈ) پشاور منتقل ہو گئے۔آپ پشاور یونیورسٹی سے ایم اے (اسلامیات) اور مدینہ یونیورسٹی (سعودی عرب) سے ایم اے عربی (گولڈ میڈلسٹ) کر چکے تھے،آپ کئی عربی اور اُردو کتابوں کے مصنف تھے اللہ تعالیٰ نے آپ کو زبردست حافظہ عطا کیا تھا۔آپ کے خاندان سے ہمارے دیرینہ روحانی اور معاشرتی تعلقات ابھی تک قائم ہیں،یہ تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں۔

جب آپ اکبر دارالعلوم مردان میں مہتمم یعنی پرنسپل کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہے تھے تو ہمارے غریب خانے پر اکثر تشریف لاتے تھے۔جب آپ جامعہ امدادالعلوم پشاور صدر منتقل ہو گئے تو بندہ موصوف کی ملاقات کی خاطر کبھی کبھی وہاں جایا کرتا تھا۔آپ کی شخصیت متانت،سادگی،سنجیدگی اور سراپا تقویٰ سے عبارت تھی۔تکبر اور تکلف سے آپ کوسوں دور تھے،آپ کے چاروں فرزند انتہائی نیک اور لائق ہیں،خصوصاً فیض الحسنؔ اور عزیز الحسنؔ سے میرے قریبی تعلقات ہیں،آپ کا

Marfat.com

برِصغیر پاک و ہنداور مشرقِ وسطیٰ کے ممالک میں انتھائی احترام کیا جاتا تھا۔

پاکستان میں آپ چوٹی کے علماء میں شمار ہوتے تھے، آپ کا علمی مقام مسلّم تھا، آپ مرکزی رویت ہلال کمیٹی اور اسلامی نظریاتی کونسل آف پاکستان کے سینئر ممبر رہ چکے تھے، مرحوم کی شخصیت پر کئی کتابیں لکھی جا سکتی ہیں بلکہ مختلف اداروں اور جامعات نے مرحوم کی نابغہ روزگار شخصیت پر کتابیں اور مضامین لکھنے کا سلسلہ پہلے ہی شروع کر رکھا ہے۔ آپ بندہ سے بے پناہ محبت کرتے تھے اور یہی وجہ ہے کہ بندہ اس ادنیٰ سی تصنیف میں آپ کی شخصیت کو شامل کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے ممکن ہے کہ یہ اللہ کے فضل و کرم سے میری مغفرت اور بخشش کا سبب بن جائے مرحوم کے نام منظوم خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہوں جس کی ہر سطر سے محبت، اُلفت اور حُسن و کشش ٹپکتی ہے۔



شیخ الحدیث حضرت مولانا حافظ محمد حسن جان شہید رحمہ اللہ کی ایک یادگار تصویر

Marfat.com

# "مولانا محمد حسن جان"

م =مسند تدریس پر قدرت کا اِک احسان تھا
یعنی علم و معرفت میں بے بدل انسان تھا

و =وہ کہ جس نے ہر محاذ علم پہ چھوڑے نقوش
وہ سیاست میں بھی دین حق کا اک اعلان تھا

ل =لے گئی بادفنا ان کی مہک کو لے گئی
علم کی وادی کا وہ اِک سرفراز اِنسان تھا

ا = اسوۂ خیر الورٰی سے بھی مزین تھا وہ شخص
ہر برائی سے بہت بیزار اور انجان تھا

ن =نام اُس کا تھا حسن جان وہ حُسن کی جان تھا
سرزمینِ سرحدی کی آن تھا وہ شان تھا

Marfat.com

ا = ایک انسان کیا گیا کتنوں کو غمگین کر گیا
ہر ادا پر اس کی اِک اِک اہل دل قربان تھا

م =ماہِ رمضان مبارک کی شہادت پا گیا
وہ جو اہلِ علم میں اپنی الگ پہچان تھا

ح =حکمرانی علم کے آفاق پر کرتا رہا
ماہتابِ علم تھا وہ دین کی بھی شان تھا

م =مردِ مومن ،مردِ کامل،مردِ حق آگاہ تھا
رتبہ نازِ شہیداں اس کا اِک ارمان تھا

د = درد وغم رنج والم وہ جاتے جاتے دے گیا
ہر کوئی اس ناگہانی پر بہت حیران تھا

ح =حیثیت تھی اس کی بالا علم کے دستور میں
وہ عظیم المرتبہ تھا وہ عظیم الشان تھا

Marfat.com

س =سادگی اس کی طبیعت ہر ادا اسکی نفیس
ہمسروں کے درمیاں یاقوت تھا مرجان تھا

ن =نیک سیرت نیک صورت نیک نیت بھی بہت
انتھائی باوفا،ذی علم اور ذیشان تھا

ج =جستجو علم نبوّت میں سدا کرتا رہا
انبیاء کا جانشین تھا علم کا سلطان تھا

ا =اس قدر اس شخص نے کی خدمتِ دین مبین
آفرین صد آفرین کیا عبقری اِنسان تھا

ن =نورِ ایمان و یقین سے تھا منور اس کا دل
کس قدر روشن مزیّن قلب کا ایوان تھا

﴿بشکریہ مولانا محمد ہمایوں مغل نائب مدیر ماہنامہ ''الاحسن'' کراچی﴾

Marfat.com

# تین مشہور دعائیں

## غموں سے نجات کی دُعا

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ہ

(ترجمہ)

مجھے اللہ تعالیٰ کافی ہی کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

(نوٹ) حضرت ابو درداءؓ فرماتے ہیں کہ جو شخص صبح وشام سات مرتبہ اس دُعا کو سچے دل سے مانگے فضیلت کے یقین کیساتھ مانگے یا یوں ہی فضیلت کے یقین کے بغیر مانگے اللہ دُنیا وآخرت کے تمام غموں سے اس کی حفاظت فرمائیں گے۔"

## زوالِ نعمت سے پناہ مانگنے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَ تَحَوُّلِ عَافِیَتِكَ وَ فُجَاءَ ةِ نِقْمَتِكَ وَ جَمِیْعِ سَخَطِكَ ہ

(ترجمہ) اے اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں آپ کی نعمت کے ختم ہو جانے سے اور عافیت کے تبدیل ہو جانے سے اور آپ کی اچانک پکڑ سے اور آپ کی ناراضگی سے۔

Marfat.com

## ذکر و شکر پر استقامت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَ شُکْرِكَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِكَ ٥

(ترجمہ)

اے اللہ! میری مدد فرما اپنی یاد کرنے میں اپنے شکر کرنے میں اور اچّھی طرح عبادت کرنے میں۔"

(نوٹ)

حدیث میں ہے نبی کریمؐ نے معاذ بن جبلؓ سے فرمایا مُجھے تم سے محبت ہے لہٰذا تم ہر نماز کے بعد یہ دُعا پڑھنا مت بھولنا:۔

## ایک خوبصورت شعر

بار گاہِ سیّدِکونینؐ میں آکر نفیس
سوچتا ہوں کیسے آیا میں تو اس قابل نہ تھا

(سید انور حسین نفیس شاہ الحسینی)

Marfat.com

# شورش کاشمیری مرحوم کیا خوب فرماتے ہیں

کہاں تک داستانِ دردِ دل دردِ جگر لکھوں
اگر لکھوں تو حیراں ہوں کہ کس عنوان پر لکھوں

بہت دن گمشدہ یادوں کا میں نے تذکرہ لکھا
کہاں تک نظم میں افسانۂ شام و سحر لکھوں

Marfat.com

# مدحِ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم

بمدح سرور کونینؐ میں خامہ اُٹھا تا ہوں
خیال کفر کی ظلمت پہ اِک بجلی گراتا ہوں
شبِ اوھام ہے شمع یقیں محفل میں لاتا ہوں
چراغ طور ایمن کوہ معنٰی پر جلاتا ہوں
الٰہی شوخی برق تجلی وہ زبانم را
قبولِ خاطرِ موسیٰ نگاہاں کن زبانم را
محمدؐ پیشواو رھنما ئے خلق و عالم ہیں
معزز ہیں، مقدس ہیں، معظم ہیں ،مکرّم ہیں
فروغ محفل ہستی ہیں ،نور عرش اعظم ہیں
حبیب حق ہیں ،ممدوح ملک ہیں،فخرِ آدم ہیں
انہیں کے رنگ سے رنگ گل ہستی کی زینت ہے
انہیں کی بو سے عطر آگیں بنی آدم کی طینت ہے
انہیں کے دل کو آگاہی ہوئی تھی رازِ فطرت پر
انہیں کی طبع کو وجد آگیا تھا سازِ فطرت پر

Marfat.com

وقائع ان کے عزم وفکر کے سانچے میں ڈھلتے تھے
ذرائع غیب سے تکمیل مقصد کو نکلتے تھے
وہ نظریں ساقی میخانۂ یزداں پرستی تھیں
وہ آنکھیں مظہرِ انوار ،راز بزم ہستی تھی
انہیں پر بدلیاں خالق کی رحمت کی برستی تھیں
اسی محفل کی بخشش خلد کے پھولوں میں بستی تھی
اسی سرکارؐ نے رُتبہ بڑھایا طبع انسان کا
اسی دربار نے پہنایا خلعت نور ایماں کا

(اکبر آلہ آبادی)

Marfat.com

# دو بڑے سانحے

راقم کی زندگی میں دو (۲) بڑے سانحات آئے، ایک سقوط مشرقی پاکستان کا سانحہ اور دوسرا جامعہ حفصہ اور لال مسجد کا سانحہ، دونوں نے بندہ کی زندگی کو جھنجوڑ کر کے رکھ دیا۔ دونوں سانحوں نے ہماری ملّی اور قومی زندگی کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا، اوّل الذّکر سانحے کے ذِمّہ دار بیشتر حکّام اپنے بدترین انجام کو پہلے ہی پہنچ چکے ہیں اور مؤخر الذّکر سانحے کے ذمّہ دار سفّاک حکام بھی اِنشاء اللہ جلد از جلد اپنے عبرتناک انجام کو پہنچیں گے۔

Marfat.com

# پاکستان کا حکمران اور سیاسی طبقہ

وطن عزیز کا پورا حکمران طبقہ اور سیاسی طبقہ انتہائی بدعنوان اور کم اصل افراد پر مشتمل ہے، یہ طبقہ پورے کا پورا بدمعاش، رذیل اور غلیظ طبقہ ہے، روزِ اوّل سے یہ تمام طبقہ پاکستان کی بنیادوں کو کھوکھلا کرنے اور اسے لوٹنے میں سرگرم عمل ہے۔

اِس طبقے کے تمام حسابات بیرون ملک بینکوں اور مالیاتی اداروں میں جمع ہیں۔اور ان کی عیاشیوں اور لوٹ مار کا خمیازہ وطن عزیز کے غربت زدہ عوام اور مفلس طبقے کو بھگتنا پڑ رہا ہے، اس طبقے کے پاس اتنی لوٹی ہوئی دولت ہے اور اس طبقے کے پاس دولت کے اتنے انبار جمع ہو چکے ہیں جس کا صحیح اعداد و شمار ملکی ادارے تو کیا بین الاقوامی بینک اور عالمی مالیاتی ادارے بھی پیش نہیں کر سکتے تاہم ہمارے بدقسمت ملک پاکستان کے حکمران طبقے میں چار اشخاص یا شخصیات ایسے گزرے ہیں جنہوں نے وطنِ عزیز کی تعمیر و ترقی کے لیے کچھ نہ کچھ کام کیا ہے، اگرچہ ان چار شخصیات سے بھی بڑی سیاسی غلطیاں سرزد ہوئی ہیں اور ان چار شخصیات کے بیٹوں، پوتوں، نواسوں، دامادوں اور خاندان والوں نے وطنِ عزیز کو لوٹنے، کنگال کرنے اور اسے معاشی طور پر تباہ و برباد کرنے میں کوئی موقع ضائع نہیں کیا ہے تاہم اس کے باوجود ہمیں یہ اعتراف کرنا پڑے گا کہ ذاتی اور انفرادی سطح پر ان چار شخصیات نے پاکستان کی ترقی کے لیے

Marfat.com

کچھ نہ کچھ خدمات انجام دی ہیں، یہ (۴) شخصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) محمد علی جناح (نامزد گورنر جنرل، ایک باکردار رہنما)

(۲) ذوالفقار علی بھٹو (خودساختہ صدر و منتخب وزیر اعظم) (غیر آئینی اور جابر ایوبی حکومت کے اہم وزیر اور سقوطِ مشرقی پاکستان کے ایک اہم کردار اور نعرۂ روٹی، کپڑا اور مکان کے خالق))

(۳) جنرل ضیاء الحق (خودساختہ صدر اور جہادِ افغانستان کے نام نہاد ہیرو)

(۴) غلام اسحاق خان (اتفاقی صدر، ایک دیانتدار حکمران)

میرے وطن کی سیاست کا حال مت پوچھو
گھری ہوئی ہے طوائف تماش بینوں میں

## ایک مشہور شعر

ہمارا خون بھی شامل ہے تزئینِ گلستاں میں
ہمیں بھی یاد کر لینا چمن میں جب بہار آئے

Marfat.com

# خط وکتابت کرنے والی شخصیات

جن اہم شخصیات نے مجھ ناچیز کے ساتھ باقاعدہ مراسلت اور خط وکتابت کی
اُن کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں،

(۱) شیخ الحدیث جناب مولانا عبدالحق بانی دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک (نوشہرہ)

(۲) جناب مولانا سمیع الحق صاحب اکوڑہ خٹک (ضلع نوشہرہ)

(۳) جناب مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب مہتمم جامعہ ابوھریرہ (ضلع نوشہرہ)

(۴) جناب مولانا محمد حسن جان شہید مہتمم جامعہ امدادالعلوم پشاور صدر

(۵) جناب مولانا نورالحسن مرحوم (ضلع مُلتان)

(۶) جناب خان محمد احتشام سابق ڈائریکٹر پوسٹل سٹاف کالج اسلام آباد۔

(۷) جناب فضلِ ستار خان پی ایم جی پشاور

(۸) جناب سیّد الطاف حسین شاہ سابق ڈی جی PPO اسلام آباد

(۹) جناب سردار حُسین پرنسپل ریٹائرڈ اکوڑہ خٹک (ضلع نوشہرہ)

(۱۰) جناب جان علی خان مرحوم بوبک (ضلع چارسدہ)

(۱۱) جناب ڈاکٹر محمد امین صاحب پنجاب یونیورسٹی لاہور

(۱۲) جناب ڈاکٹر جیمز اسکینڈونی سابق ڈی جی UPU برن سوئٹزرلینڈ

(۱۳) جناب ڈاکٹر تھامس ای لیوی ڈی جی UPU برن سوئٹزرلینڈ

Marfat.com

(۱۴) جناب ایم میز وڈپٹی ڈی جی برن سوئٹزرلینڈ

(۱۵) جناب ڈاکٹر بدرالدین الحافظ نئی دہلی (انڈیا)

(۱۶) جناب لیفٹننٹ کرنل ریٹائرڈ محمد اعظم خان (ضلع نوشہرہ)

(۱۷) جناب لیفٹننٹ کرنل ریٹائرڈ فیض حسین ضلع پشاور

(۱۸) جناب ایاز احمد حقانی صاحب مہتمم جامعہ اسلامیہ فریدیہ کانگڑہ (ضلع چارسدہ)

(۱۹) جناب اظہر جاوید صاحب لیکچرر شعبۂ قانون بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی

اسلام آباد۔

(۲۰) جناب شاہ خالد محمد لیکچرر ڈیپارٹمنٹ آف مینجمنٹ سائنسز کامسٹس انسٹی ٹیوٹ

آف انفارمیشن ٹیکنالوجی اسلام آباد۔

Marfat.com

# افغان نسل کشی...... پاکستان خصوصاً سرزمینِ سرحد پرخون کی ھولی

رسوائے زمانہ عالمی ادارہ اقوام متحدہ، یورپی یونین اور امریکی و برطانوی استعمار کی نگرانی میں منظم انداز میں پختون اور افغان نسل کشی کا گھناؤنا کھیل ایک طویل عرصے سے جاری وساری ہے۔ نہ صرف افغانستان میں پشتون آبادی کا بے دریغ قتل عام کیا جارہا ہے بلکہ ساتھ ہی ساتھ صوبہ سرحد اور بلوچستان میں بھی پشتون قوم کا مسلسل قتلِ عام ہورہا ہے، قتلِ عام کا یہ غلیظ ٹھیکہ رسوائے زمانہ صدور حامد کرزئی اور پرویز مشرف (عُرف پرویز مشرک یا خسرو پرویز) کو دیا گیا ہے اس مقصد کیلئے ان دونوں بدنام زمانہ شخصیات کو امریکی استعمار نے کروڑوں اور اربوں ڈالر فراہم کردیئے ہیں۔

ایک طویل عرصے سے صوبہ سرحد کے قبائلی علاقوں اور بندوبستی علاقوں میں دہشت گردی کے نام پر معصوم انسانوں کا بڑے پیمانے پر قتل عام ہورہا ہے اور دہشت گردی کی آڑ میں انسانی آبادی پر زبردست بمباری کی جارہی ہے بڑے پیمانے پر انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی جارہی ہے اور کھلم کھلا انسانی حقوق پامال ہورہے ہیں اور اِس ضمن میں انسانی حقوق کے علمبردار بین الاقوامی اور ملکی اداروں نے مکمل خاموشی اور معنی خیز خاموشی اختیار کررکھی ہے، یہاں یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ دُنیا خصوصاً پاکستان

Marfat.com

میں اپنے جائز مطالبات اور حقوق کے لیے لڑنے والوں کو دہشت گرد کہا جاتا ہے اور اُن کے اس عمل کو دہشت گردی کے نام سے تعبیر کیا گیا ہے جو کہ بذاتِ خود ایک ظالمانہ عمل اور سفاکانہ رجحان ہے اور اس عالمی پالیسی کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

ایک انتہائی دِلچسپ اور افسوس ناک حقیقت یہ بھی ہے کہ قتل عام کے اس منظم منصوبے کو پاکستان کی پوری عسکری قیادت، تمام سیاسی قائدین اور جُملہ مذہبی رہنماؤں کی مکمل تائید حاصل ہے کیونکہ بھاری امریکی اور عالمی امداد اور ڈالروں کی انبار سے یہ تمام حضرات اور حکّام اپنا حصّہ باقاعدگی سے وصول کرر ہے ہیں۔

اب تک لاتعداد بم دھماکے اور خودکش دھماکے وطن عزیز میں ہو چکے ہیں جس میں ہزاروں بلکہ لاکھوں معصوم انسان جان بحق ہو چکے ہیں یہ سلسلہ رکا نہیں ہے، بلکہ اب بھی زور وشور سے جاری ہے یہ صرف اور صرف پاکستانی قیادت کی نا اہلی، ناعاقبت اندیشی، بے حمیتی، بے حسی اور ناقص درآمد شدہ خارجہ پالیسی کی وجہ ہے اور اگر اب بھی ہماری خارجہ پالیسی کی صحیح سمت کا تعین نہ ہوسکا تو یہ عالمگیر تباہی کبھی ختم نہ ہوگی اور ہمارا پیارا ملک اسی طرح میدان جنگ اور میدان کارزار کا منظر پیش کرتا رہے گا یہ ہمارے بد اعمالی کی سزا ہے فی الحال اصلاح احوال کی کوئی صورت نظر نہیں آتی ایک طرف وزارتوں اور عہدوں کی بندر بانٹ ہے اور دوسری طرف عوام پر افلاس، غربت، بھوک، اور ہلاکت و بربادی مسلط کی گئی ہے ملک کی مستقبل کی باگ ڈور بدذات، کمینہ، بے غیرت اور زرخرید کم اصل حکمرانوں کے ہاتھوں میں ہے جو ملک کی بنیادوں اور مستقبل سے کھیلتے رہے ہیں اور ملک کی بنیادوں کو مسلسل کھوکھلا کر رہے ہیں جب تک اس گروہ اور اس ٹولے کا صفایا نہیں ہوگا نہ یہ ملک بچ سکے گا اور نہ یہ تعمیر وترقی کے عمل سے ہم کنار ہوگا، افراتفری پھیلتی رہی گی، اور کشت وخون کا یہ گناؤنا کھیل اسی طرح جاری رہے گا،

Marfat.com

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اعمال درست کرے ہمیں نیک اور صالح قیادت نصیب کرے اور ہمارے ملک کو ہمیشہ شاد و آباد رکھے۔(آمین)

وطن کی فکر کر ناداں قیامت آنے والی ہے
تیرے بربادیوں کے مشورے ہیں آسمانوں میں

☆ ☆ ☆

Marfat.com

# محاسبہ کا طریقہ

محاسبہ کا طریقہ یہ ہے کہ بندہ جب کسی کام کا ارادہ کرے، اس کام کا جو پہلا خیال جو اس کے دل میں آیا ہے اس سے بعد جو اس کام کی نیت اور ارادہ کر رہا ہے اگر وہ پہلا خیال اللہ کے لیے ہے اور اس میں خالص اللہ کی رضا اور قرب و مقصد ہے نہ کہ خواہش نفس ہے تو اس کام کو فوراً کر ڈالے اور اگر وہ کلام دنیاوی فائدے یا خواہش نفس بشری تقاضے اور جبلّت کی بناء پر لہو ولعب کے لیے ہے تو فوراً اسے ترک کر دے اور اس خیال کی طرف نہ دھیان دے نہ اسکا ذکر کرے ورنہ اس کو دور کرنا مشکل ہو جائے گا اور دل میں اس کا اثر ہوگا جو بعد ظاہر ہوگا اور اگر اس کا خیال مشتبہ ہو کہ واضح نہ ہو کہ نیک خیال ہے یا برا تو یہ اشکال تین وجوہ سے ہوگا ضعف یقین، قلّت علم اور خواہش نفس کا غلبہ۔

(ماخوذ از قوت القلوب صفحہ نمبر ۱۹۵)

Marfat.com

# حقیقی عالم کی شان

بعض علماء فرماتے ہیں کہ عالم وہ نہیں کہ جو خیر اور شر کو جانے یہ تو عقل مند بھی جانتا ہے، لیکن عالم وہ ہے جو دو شر میں سے خیر کو جانے یعنی جب کسی ایک کے کرنے پر مجبور ہو یا دو خیر میں سے شر کو جان لے کہ جو شر اس کی طرف آنے والا ہے۔

(ماخوذ از قوت القلوب صفحہ نمبر ۱۹۵)

Marfat.com

# عارف کی فضیلت

مروی ہے کہ عالم کی نیند عبادت اور اس کا سانس لینا تسبیح ہے اور حدیث میں ہے کہ ایک عالم شیطان پر ہزار عابد سے زیادہ بھاری ہے اور ایک مقطوع روایت میں ہے کہ اگر آسمان زمین پر گر جائے تو بھی عالم اپنا علم کسی چیز کے لیے نہ چھوڑے اور اگر عابد پر دنیا کھول دی جائے تو وہ اپنے رب کی عبادت چھوڑ دے کیونکہ کبھی عالم کو نیند میں آیات اور عبرتوں کے ذریعے مکاشفہ ہو جاتا ہے اور اسے ملکوت اعلیٰ اور اسفل کا کشف ہوتا ہے اور وہ علوم کا مخاطب بن جاتا ہے اور قدرت کا اس طرح مشاہدہ کرتا ہے جیسے انبیاء اپنی بیداری میں مشاہدہ کرتے ہیں اس لیے عارف کی نیند بیداری ہے کیونکہ اسکا دل بیدار ہے اور غافل کی بیداری نیند ہے کیونکہ اسکا دل مردہ ہے اس لیے عالم کی نیند جاہل کی بیداری سے افضل ہے اور غافل جاہل کی بیداری عالم کی نیند کے قریب ہے۔

(ماخوذ از قوت القلوب صفحہ نمبر ۲۰۵)

Marfat.com

# علم کی حقیقت

حضرت سفیان سے پوچھا گیا کہ علم کیا ہے ؟
فرمایا:وہ تقویٰ ہے ،کہا گیا کہ تقویٰ کیا ہے ؟
فرمایا . : اس علم کا طلب کرنا جس سے تقویٰ
کی معرفت ہو ،کچھ لوگوں کے نزدیک یہ تقویٰ
لمبی خاموشی اورکم بولنے کا نام ہے ،حالانکہ ایسا
نہیں ہے ،ہمارے نزدیک بولنے والا عالم،
خاموش رہنے والے سے افضل ہے۔

(ماخوذ ازقوت القلوب صفحہ نمبر ۳۲۸)

Marfat.com

# توبہ نصوح کی حقیقت

حضرت حسن بصری سے سوال کیا گیا، توبہ نصوح کیا ہے؟

تو فرمایا : یہ دل کی ندامت ہے، زبان سے استغفار، ظاہری اعضاء سے گناہ کا چھوڑنا اور دِل میں یہ ارادہ کرنا کہ گناہ کی طرف نہیں لوٹے گا۔

حضرت ابو محمد سہل فرماتے ہیں کہ اس مخلوق پر توبہ سے زیادہ ضروری کوئی چیز نہیں اور توبہ کے علم سے محروم رہنے سے زیادہ شدید عذاب کوئی نہیں، اور لوگ توبہ کے علم سے جاہل ہیں اور فرمایا کہ جو یہ کہے کہ توبہ فرض نہیں، وہ کافر ہے اور جو اس کی بات پر خوش ہو وہ بھی کافر ہے اور فرمایا کہ سچی توبہ کرنے والا ہر لمحہ اور ہر سانس نیکیوں میں غفلت سے توبہ کرتا رہتا ہے۔

(ماخوذ از قوت القلوب صفحہ نمبر ۴۱۵)

Marfat.com

# اُمّتِ مُسلمہ کے عظیم دانا جناب لقمانِ حکیم سے متعلق ایک مشہور شعر

خانۂ لقمان را دیدم کہ خارو خست
مسافر روان راھمیں قدر بست

Marfat.com

# عجیب حکایت

قزوینی نے اپنی کتاب ''عجائب المخلوقات'' میں لکھا ہے کہ عبدالرحمن بن ہارون مغربی کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ بحرِ مغرب میں کشتی پر سوار ہوا۔ پس میں ایک ایسی جگہ پر پہنچا جس کو برطون کہا جاتا ہے اور ہمارے ساتھ کشتی میں ایک لڑکا جو صقلیہ کا رہنے والا تھا، بھی سوار تھا اور اس کے پاس مچھلی پکڑنے والا کانٹا تھا۔

پس اس لڑکے نے دریا میں مچھلی پکڑنے والا کانٹا ڈال دیا، پس اس کانٹے میں ایک مچھلی پھنسی جو ایک بالشت کے برابر تھی، پس ہم نے اس مچھلی کو دیکھا تو اس کے دائیں کان کے اُوپر والے حصے پر ''لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ'' کے الفاظ اور نیچے کی جانب محمدؐ اور اس کے بائیں کان کے نیچے ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم'' کے الفاظ لکھے ہوئے تھے۔''

(ماخوذ از حیات الحیوان (اُردو) جلد دوم صفحہ نمبر ۱۹۲ اور ۱۹۳)

Marfat.com

# زمخشری کا قصّہ

تاریخ ابن خلکانؒ اور تاریخ کی دیگر کتب میں مذکور ہے کہ زمخشریؒ مقطوع الرّجل تھے (یعنی ان کی ایک ٹانگ کٹی ہوئی تھی) پس ان سے اس کے متعلق پوچھا گیا پس زمخشری نے فرمایا کہ میری والدہ کی بددعا کی وجہ سے میری یہ حالت ہوئی ہے اس کی تفصیل یہ ہے :

کہ میں نے بچپن میں ایک چڑیا پکڑی اور اس کی ٹانگ میں ایک دھاگہ باندھ دیا پس وہ چڑیا میرے ہاتھ سے چھوٹ گئی اور اُڑ کر ایک دیوار کے سوراخ میں گھس گئی۔ پس میں نے دھاگہ پکڑ کر زور سے کھینچا جس کی وجہ سے چڑیا کی ٹانگ کٹ گئی پس یہ منظر دیکھ کر میری والدہ کو بہت رنج ہوا، پس وہ کہنے لگی اللہ تعالیٰ تیری ٹانگ بھی کاٹ دے جیسے تو نے اِس چڑیا کی ٹانگ کاٹ دی ہے۔

پس جب میں طالب علمی کی عمر کو پہنچا تو میں تحصیل علوم کے لیے بخارا کیلئے چلا، پس دورانِ سفر میں سواری سے گر پڑا پس میری ٹانگ ٹوٹ گئی چنانچہ بہت علاج معالجہ کروایا لیکن آخر کار ٹانگ کٹوانی پڑی (اور یوں میری والدہ کی بدُدعا پوری ہوگئی)

(ماخوذ از حیات الحیوان (اُردو) جلد دوم صفحہ نمبر ۳۷۷)

Marfat.com

# ایک عجیب بات

ابنِ خلکان اور ابنِ کثیر نے اپنی اپنی تاریخ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ ہندوستان کے بعض بادشاہ جب ہندوستان چھوڑنے لگے تو انہوں نے رخصت ہوتے وقت سلطان محمود بن سبکتگین کو بہت سے ہدایا دیئے جن میں قمری کے مشابہ ایک پرندہ بھی تھا، اس پرندے کی یہ خصوصیت تھی کہ اگر اس پرندے کی موجودگی میں کسی آدمی کے سامنے زہر آلود کھانا ہوتا تو اس پرندے کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوجاتے جس سے اس شخص کو معلوم ہوجاتا کہ یہ کھانا مضر ہے اور وہ آنسو اسکی آنکھوں سے گرتے ہی ٹھوس شکل اختیار کرلیتے پس ان خشک آنسوؤں کو کھرچ کر اُٹھالیا جاتا اور پھر پیس کر ان کا سفوف زخموں پر چھڑک دیا جاتا تو زخم ٹھیک ہوجاتے۔"

(ماخوذ از حیات الحیوان (اُردو) جلد دوم صفحہ نمبر ۵۵۸)

Marfat.com

# نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنت میں داخل ہوئے پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت میں ایک انگور کا خوشہ لٹکا ہوا دیکھا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت پسند آیا۔

پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ یہ کس کے لیے ہے؟

پس جواب دیا گیا کہ یہ ابوجہل کے لیے ہے پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ جواب شاق گزرا پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت سے ابوجہل کیا واسطہ بخدا ابوجہل جنت میں کبھی بھی داخل نہیں ہوسکتا پس جنت میں داخل نہیں ہوگا مگر مومن پس جب عکرمہ بن ابوجہل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر مسلمان ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بہت خوش ہوئے تو اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے خواب کی تعبیر معلوم ہوئی کہ جنت میں انگور کے خوشہ سے مُراد ابوجہل کے فرزند حضرت عکرمہؓ تھے۔"

(ماخوذ از حیات الحیوان (اُردو) جلد دوم صفحہ نمبر ۵۹۱)

Marfat.com

# اِمام ابوقلابہ کا واقعہ

کہا جاتا ہے کہ امام حافظ ابوقلابہ جن کا نام عبدالملک بن محمد رقاشی ہے کی ماں نے حالتِ حمل میں ایک خواب دیکھا کہ ان کے پیٹ سے ایک ہدہد پیدا ہوا ہے۔ پس کسی نے ان کوخواب کی تعبیر بتلائی کہ اگرتم اپنے خواب میں سچی ہوتو تمھارے ہاں ایک بچہ پیدا ہوگا جو بکثرت نمازیں پڑھے گا، پس اس سے ایک بچہ جنا پس جب وہ بچہ بڑا ہوا تو وہ ہر روز چار سو رکعتیں پڑھتا اور اس بچے نے (یعنی امام ابوقلابہ نے) اپنے حفظ سے ساٹھ ہزار حدیثیں بیان کی ہیں۔اس بچے کی (یعنی امام ابوقلابہ کی) وفات ۲۷۶ھ میں ہوئی۔اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے۔"

(ماخوذ از حیات الحیوان (اُردو) جلد دوم صفحہ نمبر ۶۹۷)

Marfat.com

# جواہرات سے قیمتی

(۱) دنیا میں کوئی جانور تیرے نفس سے زیادہ سرکش نہیں۔

(۲) بخیل دولت کا مالک نہیں ہوتا بلکہ دولت اس کی مالک ہوتی ہے۔

(۳) جس قوم میں بدکاری بڑھ جاتی ہے اس میں ناگہانی اموات بڑھ جاتی ہیں۔

(۴) سب سے عقل مند وہ ہے جو گناہوں کو ترک کر دے۔

(۵) علم سے انسان کی وحشت دور ہوتی ہے۔

(۶) علم انسان کی تیسری آنکھ ہے۔

(۷) غیبت قتل سے بُری چیز ہے۔

(۸) غور وفکر ترقی کا زینہ ہے۔

(۹) جن لوگوں کے خیالات اچھے ہوں وہ کبھی تنہا نہیں ہوتے۔

(۱۰) جس کے پاس محبت کرنے والا دِل ہے، وہ دشمن بھی خرید سکتا ہے۔

Marfat.com

# لآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ

## (ضربِ کلیم سے)

خودی کا سرِّ نہاں لَآ اِلٰـــــہَ اِلَّا اللہ
خودی ہے تیغ فساں لَآ اِلٰـــــہَ اِلَّا اللہ

یہ دور اپنے براھیم کی تلاش میں ہے
صنم کدہ ہے جہاں لَآ اِلٰـــــہَ اِلَّا اللہ

کیا ہے تو نے متاعِ غرور کا سودا
فریبِ سود وزیاں! لَآ اِلٰـــــہَ اِلَّا اللہ

یہ مال و دولتِ دنیا، یہ رشتہ وپیوند
بتانِ وہم وگماں! لَآ اِلٰـــــہَ اِلَّا اللہ

خرد ہوئی ہے زمان ومکاں کی زنّاری!
نہ ہے زماں، نہ مکاں! لَآ اِلٰـــــہَ اِلَّا اللہ

یہ نغمہ فصلِ گل ولالہ کا نہیں پابند
بہار ہو کہ خزاں، لَآ اِلٰـــــہَ اِلَّا اللہ

اگرچہ بُت ہیں جماعت کی آستینوں میں!
مجھے ہے حکمِ اذاں، لَآ اِلٰـــــہَ اِلَّا اللہ

(علامہ محمد اقبال)

Marfat.com

# حیاتِ ابدی

## (ضربِ کلیم سے)

زندگانی ہے صدف، قطرۂ نیساں ہے خودی
وہ صدف کیا کہ جو قطرے کو گہر کر نہ سکے!

ہو اگر خودنگر و خودگر وخود گیر خودی
یہ بھی ممکن ہے کہ تو موت سے بھی مر نہ سکے!

(علامہ محمد اقبال)

Marfat.com

# مستئ کردار

## (ضربِ کلیم سے)

صوفی کی طریقت میں فقط مستئ احوال
ملاّ کی شریعت میں فقط مستئ گفتار

شاعر کی نوامُردہ و افسردہ و بے ذوق
افکار میں سرمست ! نہ خوابیدہ نہ بیدار

وہ مردِ مجاہد نظر آتا نہیں مجھ کو!
ہو جس کے رگ و پے میں فقط مستئ کردار

(علامہ محمد اقبال)

Marfat.com

# عورت اور تعلیم

(ضربِ کلیم سے)

تہذیب فرنگی ہے اگر مرگِ اُمومت
ہے حضرتِ انساں کے لیے اس کا ثمر موت

جس علم کی تاثیر سے زن ہوتی ہے نازن!
کہتے ہیں اسی علم کو اربابِ نظر موت

بیگانہ رہے دیں سے اگر مدرسۂ زن!
ہے عشق و محبت کے لیے علم و ہنر موت۔

(علامہ محمد اقبال)

Marfat.com

# سیاستِ افرنگ

## (ضربِ کلیم سے)

تری حریف ہے یا رب سیاستِ افرنگ
مگر ہیں اس کے پجاری فقط امیرو رئیس

بنایا ایک ہی ابلیس آگ سے تونے !
بنائے خاک سے اس نے دو صدہزار اِبلیس

(علامہ محمد اقبال)

Marfat.com

# جماعت سے وابستگی

وطنِ عزیز پاکستان میں ہر شخص کسی نہ کسی صورت میں مذہبی یا سیاسی جماعت سے وابستہ ہے، اسی طرح ہم بھی مشہور مذہبی جماعت جمعیت العلماء اسلام پاکستان سے وابستہ رہے یہ جماعت دراصل جمعیت علماء ھند ہی کی ایک شاخ ہے جو قیام پاکستان کے بعد جمعیت علماء اسلام کے نام سے وقوع پزیر ہوئی۔ اب یہ جماعت عملاً تین یا چار حصّوں میں بٹ گئی ہے اور اِس کے قائدین اللہ اور رسولؐ کے ابدی تعلیمات کو چھوڑ کر سراسر ضلالت اور بربادی کے راستے پر گامزن ہو چکے ہیں۔ اس جماعت کے قائدین کھلم کھلا سامراجی نظام، کافرانہ استعماری اور جمھوری نظام کی وکالت کرر ہے ہیں، سیکولر عناصر کے ہاتھوں میں کھیل رہے ہیں اور سیکولر حکومتوں میں بڑے بڑے مناصب پر فائز ہو چکے ہیں۔

اب اِس جماعت کے قائدین کروڑوں اور اربوں ڈالر کمار ہے ہیں اور اِن کا اسلام کی ابدی تعلیمات سے کوئی واسطہ نہیں، اس جماعت کے قائدین پارلیمنٹ کی کارروائی ورگھپلوں میں برابر کے شریک ہیں اور دین اسلام اور وطن عزیز پاکستان کی بنیادوں کو کھوکھلا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے۔

اب ہمارا مرحوم جمعیت علماء اسلام سے کوئی تعلق نہیں رہا کیونکہ یہ جماعت اب اسلام کے تابندہ اور درخشندہ تعلیمات سے مکمّل انحراف کر چکی ہے باقی مذہبی

Marfat.com

جماعتیں یا تو سیاسی جماعتوں میں تبدیل ہو چکی ہیں یا دنیاوی مفادات کے حصول کے لیے سرگرم عمل ہیں۔

البتہ اس وقت صرف دو جماعتیں ایسی ہیں جو پاکستان میں احیاء دین اور اشاعتِ اسلام کے سلسلے میں اب بھی بھرپور کردار ادا کر رہی ہیں۔ایک تبلیغی جماعت اور دوسری تنظیم اِسلامی۔

اوّل الذکر جماعت کے پیروکاروں کی تعداد لاکھوں بلکہ کروڑوں تک پہنچی ہے، تاہم کم فہم اور کاہل حضرات سے اس کی کارکردگی متاثر ہو رہی ہے، اگر اس میں زیادہ پڑھے لکھے لوگ شامل ہو جائیں تو اس کے نتائج بہت ہی حوصلہ افزاء نکلیں گے، پھر بھی اِس جماعت نے اشاعتِ اسلام کے سلسلے میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، مؤخر الذکر جماعت کے ارکان کی تعداد نسبتاً کم ہے تاہم اس جماعت میں ملک کا اعلیٰ تعلیم یافتہ اور دردمند طبقہ شامل ہے،اس جماعت نے ملک کے کئی شہروں میں قرآن کالجز قائم کر رکھے ہیں اور ان کالجز نے قرآنی علوم اور قرآنی تعلیمات کے پھیلانے میں زبردست خدمات انجام دی ہیں تاہم اگر یہ دونوں جماعتیں اپنے نصاب پر نظرِ ثانی کریں اور اپنے کورسز اور نصاب میں عملاً جہاد بھی شامل کریں تو یہ نہ صرف اُمّتِ مُسلمہ کی ایک بڑی خدمت ہوگی بلکہ اُمّتِ مسلمہ پر ایک بڑا احسان بھی ہوگا اور یہ ادارے مزید استحکام اور تقویّت حاصل کریں گے۔

واضح رہے کہ فی الحال یہ دونوں جماعتیں ''جہاد'' کے سلسلے میں معنی خیز ''مصلحت'' اور سرد مہری کا مظاہرہ کر رہی ہیں۔

Marfat.com

# پاکستان کی بقا...... اِسلامائزیشن یعنی

# صرف اسلامی شریعت کا نفاذ

وطن عزیز پاکستان اس وقت تاریخ کے انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے، وطن کا کوئی گوشہ کوئی خطہ اور کوئی سرحد محفوظ نہیں ہے یہ وطن عظیم قربانیوں کے نتیجے میں حاصل کیا گیا ہے، اس کے حصول کے لیے ہزاروں بلکہ لاکھوں قیمتی جانیں قربان ہوگئی ہیں یہ خالصتاً نظریاتی مملکت ہے اور نظریۂ اسلام کی بنیاد پر ہی یہ ملک قائم کیا گیا ہے، اسلام اور پاکستان لازم وملزوم ہیں۔

یہاں صرف پاکستانی قوم آباد ہے نہ کوئی پشتون ہے نہ پنجابی اور نہ کوئی بلوچی ہے، اور نہ سندھی یا مہاجر یہاں کی غالب اکثریت صرف سُنّی مسلمان ہے یہاں قانوناً اور عملاً فقہ حنفی نافذ ہونا چاہیئے۔

چونکہ یہ ملک اسلامی نظریے کی بنیاد پر وجود میں آیا ہے اس لیے یہاں قرآن وسنت کے مطابق قانون سازی ہوگی اور یہاں صرف وہی قانون نافذ ہوگا جو اسلامی تصورات اور اسلامی احکامات سے ہم آہنگ ہوگا اور اگر اسلامی احکامات سے

Marfat.com

روگردانی ہوگی تو نتیجہ یقیناً افراتفری، تباہی و بربادی اور انتشار کی صورت میں نکلے گا، یہی وجہ ہے کہ بانیٔ پاکستان محمد علی جناح اور مفکّر پاکستان علامہ محمد اقبال نے اپنے خطبات اور تقاریر میں بار بار اس بات پر زور دیا ہے کہ پاکستان میں خالصتاً اسلامی شریعت اور اسلامی نظام نافذ ہوگا اور یہاں اسلامی تصورات کے مطابق زندگی گزارنی ہوگی، اس وقت پاکستان کی بقا کا دارومدار اس بات پر ہے کہ یہاں اسلامائزیشن کا عمل انتھائی تیز کیا جائے اسلامی دانشوروں کو مزید سست روی اور غفلت سے گریز کرنا چاہیے اُنہیں اپنا ٹاسک فی الفور مکمل کرنا چاہیے پاکستان کی بقا کا انحصار اب صرف اور صرف اس بات پر ہے کہ یہاں اسلامی شریعت نافذ ہو اور یہاں شریعتِ محمدی کے مطابق فیصلے کیے جائیں اور قرآن وسنّت پر مبنی نظامِ عدل رائج کیا جائے۔

Marfat.com

# عبدالحمید عدم کے چند خوبصورت اشعار

(۱) میں مے کدے کی راہ سے ہو کر نکل گیا
ورنہ سفر حیات کا کافی طویل تھا

(۲) کس قدر بوجھ تھا گناہوں کا
حاجیوں کا جہاز ڈوب گیا

(۳) غم زیست پر مسکرانا پڑا
ترے جبر کا گیت گانا پڑا

(۴) سمجھ کر تری آنکھ کا مدّعا
مشیت کو بھی لڑ کھڑانا پڑا

(۵) خزاں کی جبیں اتنی تاریک تھی
بہاروں پہ ایماں لانا پڑا

(۶) میں حادثاتِ زیست پہ کچھ کر رہا تھا غور
آشوبِ حادثات میں کیوں مل گئے ہو تم

(۷) تم سے تو راہِ صدق میں ملنے کا قول تھا
راہِ تکلفات میں کیوں مل گئے ہو تم

(۸) اس سرمدی حیات میں ملتے تو بات تھی

Marfat.com

اس عارضی حیات میں کیوں مل گئے ہو تم

(۹) خدا را مجھے دار پر کھینچ ڈالو

صلاحیتوں کا زیاں ہو رہا ہے

(۱۰) میں اعداء کے ڈر سے نہیں زرد اِتنا

مجھے خدشۂ دوستاں ہو رہا ہے

(۱۱) کہانی میری اب نہ پھیکی رہے گی

وہ خود شاملِ داستاں ہو رہا ہے

(۱۲) مجھے تیری ضرورت بھی ہے لیکن

تو خالی رحم کھانا جانتا ہے

(۱۳) ذرا اِک تبسّم کی تکلیف کرنا

کہ گلزار میں پھول مرجھا رہے ہیں

(۱۴) ہماری فقط اتنی تقصیر ہے نا

کہ ہم آپ پر جان چھڑکا رہے ہیں

(۱۵) تیرے نین کیسے نشیلے

خطابات تقسیم فرمارہے ہیں

(۱۶) محبت عدم وہ شوالا ہے جس میں

بشر ہنس رہے ہیں خُدا گار ہے ہیں

(۱۷) میں جا رہا تھا تیرے تصور کے ساتھ ساتھ

راستے میں یونہی عالم اجسام آ گیا

Marfat.com

(۱۸) پوچھا تھا ایک صاحب دل نے میرا مزاج
بے ساختہ لبوں پر تیرا نام آ گیا

(۱۹) ہم نے تمھارے بعد نہ رکھی کسی سے آس
اِک تجربہ بہت تھا بڑے کام آ گیا

(۲۰) عجب روٹھا ہوا ساتھی ملا ہے
دل بے مدّعا ہے اور میں ہوں

(۲۱) وہاں پہنچی ہے نوبت بیکسی کی
جہاں نام خدا ہے اور میں ہوں

(۲۲) عدؔم کشتی کے اندر دو خلل ہیں
سکوتِ ناخُدا ہے اور میں ہوں

(۲۳) اب نہیں ہے ہمیں کوئی تکلیف
چارہ گر اب دوا کی بات نہ کر

(۲۴) تو نے وعدہ کیا تھا محشر کا
دیکھ اب اِلتواء کی بات نہ کر

(۲۵) اے عدؔم سب گناہ کر لیکن
دوستوں سے ریا کی بات نہ کر

(۲۶) دھوکا دیا ہے تم نے عدم کے خلوص کو
یہ راستہ نہیں تھا تمھارے دیار کا

(۲۷) جو لوگ جان بوجھ کے نادان بن گئے

Marfat.com

میرا خیال ہے کہ وہ انسان بن گئے

(۲۸) محشر میں ہم گئے تھے مگر کچھ نہ پوچھیے
وہ اتفاق سے وہاں انجا ن بن گئے

(۲۹) کانٹے تھے چند دامنِ فطرت میں اے عدم
کچھ پھول اور کچھ مرے ارمان بن گئے

(۳۰) ہو چکا جو حساب ہونا تھا
اور اب کیا حساب کرتے ہو

(۳۱) یہ نئی احتیاط دیکھی ہے
آئینے سے حجاب کرتے ہو

(۳۲) ایک دن اے عدم نہ پی تو کیا
روز شغلِ شراب کرتے ہو

(۳۳) کہتے ہیں عمرِ رفتہ کبھی لوٹتی نہیں
جا میکدے سے میری جوانی اُٹھا کے لا

(۳۴) میں اپنی لغزشوں کو دِکھاتا ہوں آئینہ
تو اپنے گیسوؤں کو مقابل گھٹا کے لا

(۳۵) ہمارے ضبطِ تبسم پہ رشک مت فرما
خوشی نہیں یہ نمائش ہے مسکرانے کی

(۳۶) مقامِ دارورسن تک تو آ گئے ہیں ہم
کچھ اور بھی ابھی حسرت ہے آزمانے کی

Marfat.com

(۳۷) ہر چند بدظنی سی ہے کچھ تیرے نام سے
لیتا ہوں تیرا نام بڑے احترام سے

(۳۸) ساقی ترے خلوص نے گرویدہ کر لیا
آیا تھا ورنہ میں بھی ادھر ایک کام سے

(۳۹) گزرے گی زندگی کی سیہ رات کس طرح
دل کا چراغ گل ہوا جاتا ہے شام سے

(۴۰) فرصت نہ مل سکی ہمیں آلامِ زیست سے
ورنہ بلا رہا تھا کوئی ہر مقام سے

(۴۱) جو لمحہ میکدے کی ہوا میں کٹے عدمؔ
وہ لمحہ قیمتی ہے حیاتِ دوام سے

Marfat.com

# ہندسہ ”5“ کی اہمیّت

مجھے ”5“ کا ہندسہ بہت پسند ہے اور اِس ہندسے کا میری زندگی سے بہت گہرا تعلق ہے بھائیوں اور بہنوں میں میرا پانچواں نمبر ہے، میری تاریخ پیدائش میں ”5“ کا ھندسہ آتا ہے میری ریٹائرمنٹ کی تاریخ میں بھی ”5“ کا ہندسہ آتا ہے بندہ نے پشاور سے ”5“ ٹریننگ کورسز حاصل کئے ہیں، بندہ نے جس شہر ”پشاور“ سے تعلیمی اور دفتری کوائف اور امور مکمل کر لیے ہیں وہ ”5“ حروف پر مشتمل ہے میرے رہائشی شہر ”مردان“ کے حروف کی تعداد بھی ”5“ ہی ہے، میرے حاصل کردہ نمبرات میں ”5“ کا ہندسہ کسی نہ کسی صورت میں ضرور موجود ہوتا ہے، مثلاً 457,454,531,551، میری محبوب بھانجی ”ناصحہ“ کا نام ”5“ حروف پر مشتمل ہے، میری والدہ مرحومہ ”زیتون“ کے نام کے حروف بھی ”5“ ہی ہیں، میرے پسندیدہ شاعر علاّمہ ”اقبال“ کا نام بھی ”5“ حروف پر مشتمل ہے، صوبہ سرحد کے جن سینئر افسران سے میرا خصوصی تعلق رہا اُن کی تعداد ”5“ ہی ہے مثلاً جناب سنگِ مرجان، جناب عطاء اللہ خان، جناب جاوید اقبال، جناب محمد یعقوب شاہ (مرحوم) اور جناب میر سرور خان، مجھے پاکستان کے جن جلیل القدر اور مستند علمائے کرام کی زیارت کا شرف حاصل ہوا ہے وہ بھی ”5“ ہی ہیں مثلاً علاّمہ شمس الحق افغانی، مولانا مفتی محمود، مولانا غلام غوث ہزاروی، مولانا عبدالحق اور مولانا محمّد حسن جان شہید۔

Marfat.com

# دین و دنیا کی درستگی کے لیے دُعا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیاوآخرت کی درستگی اور اِصلاح کے لیے اِس دُعا کو پڑھا کرتے تھے"۔

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَۃُ اَمْرِیْ وَ اَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَاشِیْ وَ اَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَادِیْ وَ اجْعَلِ الْحَیٰوۃَ زِیَادَۃً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَّ اجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ ۔ ٥

(ترجمہ)

"اے اللہ! تو میرے اس دین کی اصلاح فرما جو میرے کام کی حفاظت کرنے والا ہے اور میری دنیا کی اصلاح فرمادے جس میں میری روزی ہے اور میری آخرت کو ٹھیک کردے جہاں مجھے دوبارہ جانا ہے اور میری زندگی کو میری ہر ایک بھلائی کی زیادتی کا سبب بنادے اور موت کو ہر ایک برائی سے راحت کا سبب بنادے"۔

Marfat.com

# ایک جامع دُعا جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ۲۳ سال کی دعائیں موجود ہیں

ہر مسلمان مرد و عورت کو چاہیے کہ ہر فرض نماز کے بعد اِس دُعا کو ایک مرتبہ پڑھ لے تو بہت ہی بہتر ہے چھوٹے بچوں کو بھی بچپن سے یہ دُعا یاد کروادینی چاہیے۔

اِس دُعا میں تمام بھلائیاں اللہ تبارک وتعالیٰ سے مانگی گئی ہیں اور تمام برائیوں، مصیبتوں سے حفاظت کی دُعا مانگی ہیں۔ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت زیادہ دُعا مانگی لیکن ہمیں اس میں سے کچھ یاد نہ رہا ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ !

آپ نے بہت زیادہ دُعا مانگی لیکن ہمیں اس میں سے کچھ یاد نہ رہا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمھیں ایسی جامع دُعا نہ بتادوں جس میں یہ سب کچھ آجائے؟ تم یہ دُعا مانگا کرو۔

**اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ اَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ**

Marfat.com

ترجمہ : اے اللہ ! ہم آپ سے سوال کرتے ہیں ان تمام بھلائیوں کا جن کا سوال کیا آپ سے آپ کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ہم آپ کی پناہ چاہتے ہیں، ان تمام شرور سے جن سے پناہ چاہی آپ کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اور تو ہی وہ ذات ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے اور تو ہی دُعا قبول کرنے والا ہے نہیں گناہوں سے بچنے کی طاقت مگر اللہ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی کی حفاظت سے اور نہیں ہے نیکی کی قوت مگر اللہ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی کی مدد سے۔"

## چند خوبصورت اشعار

حاصلِ عمر نثارِ رہِ یارے، کردم
شادم از زندگئ خویش کہ کارے کر دم

انکی نسبت ہو جب نگاہوں میں
ماسوا، ماسوا نہیں ہوتا
(عارفی)

یک زمانہ صحبتِ با اولیاء
بہتر از صد سال طاعت بے ریا

Marfat.com

# خلافتِ راشدہ اور آئمہ اربعہ کا تذکرہ

اللہ تعالٰی نے وقتاً فوقتاً بنی نوع اِنسان کی ہمہ گیر رہنمائی کیلئے انبیاء کرام کی صورت میں برگذیدہ ہستیاں مبعوث فرمائیں جنہوں نے اپنا عظیم مشن خوش اسلوبی سے مکمل کیا اس کے بعد صحابۂ کرامؓ، تابعین، تبع تابعین اور ائمہ کرام نے اللہ اور رسولؐ کی تعلیمات پھیلانے کا بیڑہ اُٹھایا، جن جلیل القدر خلفاء راشدین اور ائمہ کرام نے کائنات کے ذرّے ذرّے پر حکومت کی اور انسانوں کی دلوں پر بھی حکمرانی کی اُن کا تذکرہ نہ کرنا انتہائی ناانصافی ہوگی۔

اِن عظیم ہستیوں کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں،

(۱) حضرت ابوبکر صدیقؓ

(۲) حضرت عُمر فاروقؓ

(۳) حضرت عثمان غنیؓ

(۴) حضرت علی کرم اللہ وجہہ

(۵) اِمام ابوحنیفہ

(۶) اِمام شافعی

(۷) اِمام مالک

(۸) اِمام احمد بن حنبل

Marfat.com

# اے بہارِ زندگانی الوداع

اے بہارِ زندگانی الوداع
اے شبابِ شادمانی الوداع

اے طلوعِ صبحِ پیری السّلام
اے شبِ قدرِ جوانی الوداع

السّلام اے قاصدِ ملکِ بقا
الوداع اے عمرِ فانی الوداع

آلگا حالؔی کنارے پر جہاز
الوداع اے زندہ گانی الوداع

(الطاف حسین حالی)

Marfat.com

# چند بابرکت دعائیں

(۱) اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَ دَرْكِ الشَّقَآءِ وَسُوْءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ ٥

(ترجمہ)

اے اللہ ! بیشک ہم تجھ سے پناہ مانگتے ہیں ہر، بلا (اور مصیبت) کی سختی سے اور بدبختی کے گھیر لینے سے، اور بُری تقدیر سے اور دشمنوں کے (ہم پر) خوش ہونے سے۔

(۲) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاِخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ ط

(ترجمہ)

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں بُرے اخلاق، اعمال، خواہشات اور امراض سے (تو مجھے ان سے محفوظ رکھ)

(حصنِ حصین سے)

Marfat.com

(۳) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ يَّوْمِ السُّوْءِ وَمِنْ لَيْلَةِ السُّوْءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ ط

(ترجمہ)

اے اللہ ! بیشک میں تیری پناہ لیتا ہوں بُری دِن سے، اور بُری رات سے، اور بُرے گھڑی سے، اور قیام کی جگہ (وطن) کے بُرے ہمسایہ سے۔

(۴) اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط

(ترجمہ)

اے اللہ ! ہمارے پروردگار! تو ہمیں دنیا میں بھی اچھی نعمتیں عطا فرما اور آخرت میں بھی اچھی نعمتیں (عطا فرما) اور ہمیں جہنّم کے عذاب سے بچالے۔

(۵) اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِكَ ط

(ترجمہ)

اے اللہ! دلوں کو پھیر دینے والے! تو ہمارے دلوں کو اپنی فرماں برداری پر پھیر دے۔

Marfat.com

# اقوالِ زرّیں

مُجھے یاد رکھو، میں تمھیں یاد رکھوں گا، (فرمانِ الٰہی)

اللہ تعالیٰ جمیل ہے اور جمال کو پسند کرتا ہے، (حضرت محمدؐ)

لوگوں کو حق سے پہچانو، حق کو لوگوں سے نہیں، (حضرت ابوبکر صدیقؓ)

سخی اللہ کا دوست ہے، چاہے فاسق ہو، بخیل اللہ کا دشمن ہے چاہے، زاھد ہو، (حضرت عمرؓ)

اللہ تعالیٰ سے محبت رکھنے والے کو تنہائی محبوب ہوتی ہے، (حضرت عثمان غنیؓ)

محبت دور کے لوگوں کو قریب اور نفرت قریب کے لوگوں کو دور کر دیتی ہے، (حضرت علیؓ)

ہر اچھا کام پہلے ناممکن ہوتا ہے، (حضرت سلمان فارسیؓ)

انسان عقل سے پہچانا جاتا ہے شکل سے نہیں، (البیرونی)

خدا ہر پرندے کو رزق دیتا ہے لیکن اس کے گھونسلے میں نہیں ڈالتا ، (افلاطون)

ایک طالب علم کی طاقت ایک لاکھ جاہلوں سے زیادہ ہوتی ہے، (جنید بغدادی)

Marfat.com

# اختتامی دُعا

## (حصنِ حصین سے)

اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَ عَذَابِ الْاٰخِرَۃِ ط

(ترجمہ)

اے اللہ! تو ہمارے ہر کام کا انجام بہتر فرما اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے پناہ دے۔"

## حدیث شریف میں آیا ہے

جو شخص اللہ سے یہ دُعا کرتا رہے گا وہ (ناگزیر) بلا میں گرفتار ہونے سے پہلے ہی وفات پا جائے گا۔"

Marfat.com

# خاتمہ بالخیر

ابونواس ایک بہت بڑے عربی شاعر گزرے ہیں، اس کی زندگی ساری فسق وفجور میں گزری تھی۔ آخر میں جب وہ قریب الموت ہوئے تو اپنی بیٹی سے اخیر وقت میں کاغذ اور قلم مانگا اور بالکل تنہائی میں یہ چار اشعار بڑے خلوص اور عاجزی سے کہے جن کی بدولت اللہ تعالیٰ نے اس کی ساری عمر کے گناہوں کو بخش دیا، اشعار یہ ہیں.....

یَارَبِّ اِنْ عَظُمَتْ ذُنُوْبِیْ کَثْرَۃً     فَلَقَدْ عَلِمْتُ بِاَنَّ عَفْوَکَ اَعْظَمُ

اِنْ کَانَ لَا یَرْجُوْکَ اِلَّا مُحْسِنٌ     فَمَنِ الَّذِیْ یَدْعُوْا وَیَرْجُوْ الْمُجْرِمُ

فَدَعَوْتُ رَبِّ کَمَا اَمَرْتَ تَضَرُّعًا     وَلَئِنْ رَدَدْتَ یَدِیْ فَمَنْ ذَا یَرْحَمُ

مَالِیْ اِلَیْکَ وَسِیْلَۃٌ اِلَّا الرَّجٰی     فَجَمِیْلُ عَفْوِکَ ثُمَّ اِنِّیْ مُسْلِمُ

ترجمہ : ☆ اے میرے ربّ ! اگر چہ میرے گناہ کثیر ہیں مجھے یقین ہے کہ تیری عفو اس سے بھی بڑھ کر ہے۔

☆ اگر چہ آپ سے محسن ہی اُمیدِ عفو رکھتا ہے مگر آپ کی ذات تو وہی ہے جسے مجرم بھی پکارتا ہے اور اُمیدِ مغفرت رکھتا ہے۔


☆ اے میرے ربّ ! میں نے عاجزی وتضرّع سے آپ کی ہدایت کے مطابق آپ کو پکارا ہے اگر آپ نے مجھے خالی ہاتھ رد کر دیا تو کون مجھ پر رحم کرے گا۔

☆ میرا تو آپ سے اُمید کے بغیر کوئی دوسرا وسیلہ ہی نہیں آپ کا عفو ہی جمیل ہے اور میں مسلمان ہوں۔

(بشکریہ ماہنامہ القاسم جولائی ۲۰۰۹ء)

Marfat.com

# چند مشاہیرِ اسلام کی نایاب تصاویر



شیخ الحدیث مولانا عبدالحق رحمہ اللہ



مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ

Marfat.com



مولانا ابوالکلام آزاد رحمہ اللہ



علامہ سید انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ

Marfat.com



امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ



حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی رحمہ اللہ

Marfat.com



شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ



شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ

Marfat.com




حضرت مولانا مفتی نظام الدین شامزئی شہید رحمہ اللہ



حافظ الحدیث حضرت مولانا عبداللہ درخواستی رحمہ اللہ

Marfat.com


Marfat.com



## حقانی پرنٹرز

مکتبہ رشیدیہ اکوڑہ خٹک

Marfat.com



حقانی پرنٹرز

مکتبہ رشیدیہ اکوڑہ خٹک

Marfat.com